مثنوی

مادرِ ہند

از

شاد عظیم آبادی

جملہ حقوق بحق شاد بکڈپو چوکھٹہ پٹنہ سیٹی محفوظ

سلسلہ مطبوعات

شاد بکڈپو [illegible] سیٹی

سنہ ۱۹۳۱

شمارہ

۳

معذرت

علمی مشاغل، امتحانات کی اُدھیڑبن، کاپیوں اور پروفوں کی دیکھ بھال، مقدموں کے آنے کا اضطراب انگیز انتظار تاہم ارباب وطن اور قدردانان سخن سے مثنوی مادرِ ہند کی غیر متوقع تاخیر اشاعت کا بصد ندامت عذر خواہ ہوں۔ اس تعویق کی وجہ سے قطعات تاریخ کے سنوں میں بھی اختلاف ہو گیا اور شائقین کو بھی کافی زحمتِ انتظار اُٹھانی پڑی جس کا مجھکو بیحد افسوس ہے۔ بہر حال مجھے امید ہے کہ میری مجبوریوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ارباب شوق میری معذرت قبول فرمائینگے۔

سب سے زیادہ قابل افسوس اور باعث ندامت یہ امر ہے کہ مثنوی مادرِ ہند حسب خواہ نہ چھپ سکی اور طباعت کا بدنما داغ اس کے دامن پر رہ گیا۔

میں اُن تمام شعرائے کرام کا تہ دل سے شکر گزار ہوں، جنھوں نے میری استدعا پر سال طباعت کے قطعات نظم فرما کر مجھے عطا فرمائے ہیں۔ اور ساتھ ہی ساتھ میں بصد ادب و نیاز اپنے دلی تشکر و امتنان کا ہدیہ اُستاد عصر حضرت **سیماب** اکبر آبادی

اور پروفیسر رشید احمد صاحب صدیقی صدر صیغہ اردو مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کی خدمتوں میں پیش کرتا ہوں جنھوں نے باوجود اپنے کثیر مشاغل کے میری ناچیز گزارش کو شرف قبولیت عطا فرماکر اس مثنوی پر ایسے فاضلانہ مقدمے تحریر فرمائے جن سے کتاب کی خصوصیات سرسری نگاہوں کے لئے بھی اجاگر ہوگئیں۔

اس موقع پر میں اپنے محترم اور مخلص دوست جناب حمید صاحب عظیم آبادی کا بھی شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنھوں نے عرض حال لکھ کر اس مخصوص مثنوی پر کافی روشنی ڈالی اور بہت سی ان کی باتوں سے مطلع فرمایا جن سے بہت ہی کم لوگ واقف ہوں گے۔ آپ کی ذات گرامی اس دور میں مغتنم اور شاد کے شاگردوں میں ایک خاص امتیازی حیثیت رکھتی ہے۔ ایسے ذی علم اور سنجیدہ کہنے والے اب کم نظر آتے ہیں۔ شاد کے بعد ایسی جامعیت کا کوئی دوسرا اہل سخن دکھائی نہیں دیتا۔ نظم کا سبزہ زار ہو یا نثر کا چٹیل میدان، آپ کا شبدیز قلم یکساں سرگرم تگاپو نظر آتا ہے۔ عظیم آباد کی بہت کچھ ادبی امیدیں آپ سے وابستہ ہیں، خداوند کریم شاد کے گلزار سخن کے اس شگفتہ پھول کو ہمیشہ شاداب و روشناس بہار رکھے اور ہمیشہ شاد و خرم آمین

خاکسار سید ظہیر احمد شمسی۔ عظیم آبادی۔

۷۸۶

عرض حال

زباں بندی کرے گا تو کہاں تک ناصح مشفق

کہے گی خود مری آشفتہ حالی داستاں میری

نہ یہ کوئی مستقل مقدمہ ہے اور نہ کوئی تبصرہ بلکہ مثنوی مادرہند کے متعلق چند ضروری گزارشیں ہیں اور غیر قابل فروگزاشت باتیں۔ قبل ازیں کہ میں مثنوی مذکور کے متعلق کچھ عرض کروں، صنفِ مثنوی پر اجمالاً اور اختصاراً ایک سرسری نظر ڈالنا ضروری سمجھتا ہوں کہ سلسلۂ کلام کی کڑیاں مسلسل اور مربوط ہو جائیں +

اصناف شاعری میں یہ صنف (مثنوی) سب سے زیادہ مفید وسیع ہمہ گیر اور جمیع انواعِ شاعری پر حاوی ہے۔ جذبات انسانی، مناظر قدرت، واقعہ نگاری، فلسفہ، تصوف، اخلاق، رفعت تخیل، سب کا جلوہ ایک مثنوی ہی میں نظر آجاتا ہے اس میں ہر طرح کے داخلی اور خارجی مضامین کی گنجایش ہے۔ یہی وہ صنف شاعری ہے جس میں شاعر حسب مراد اپنا کمال دکھا سکتا ہے، اسی لیئے ہر زبان کے باکمال شعرا نے اس صنف کو نوازا اور اسی کو اپنے اپنے کمال کی جلوہ نمائیوں کا

آئینہ بنایا۔ ہومر، ورجل۔ ملٹن، فردوسی، بالمیکی اور بیاس کے نام آج اسی صنف کی بدولت دنیا میں باقی اور روشن ہیں، لیکن اردو کے شاعروں نے اس طرف بہت کم توجہ فرمائی۔ میر حسن مغفور نے اردو کے دامن سے اس داغ کے مٹانے کی یک گونہ کوشش کی اور بے شک ایک حد تک اُن کو کامیابی بھی ہوئی، تاہم میر حسن کی وہ مثنوی مذکورہ بالا مصنفین کی مثنویوں کے مقابلہ میں پیش نہیں کی جا سکتی۔ بہرکیف! مضامین کے اعتبار سے اگر مثنویوں کی تقسیم کی جائے تو تمام مثنویاں اقسام ذیل کے تحت میں آ سکتی ہیں:۔

(۱) رزمیہ یا تاریخی جیسے شاہنامہ۔ (۲) عشقیہ جیسے یوسف زلیخا۔ (۳) اخلاقی جیسے بوستاں۔ (۴) قصہ و افسانہ جیسے ہفت پیکر و ہشت بہشت (۵) تصوف و فلسفہ جیسے مثنوی مولانا روم و جام جم اوحدی۔

مثنوی کا معیار کمال

(۱) حسن ترتیب:۔ واقعات کی مستحسن و معقول ترتیب اور بیانات کی مسلسل و مربوط ترکیب۔

(۲) کیرکٹر:۔ مثنوی میں جو شخصیتیں پیش کی جائیں اُن کی امتیازی

خصوصیتیں بھی مدنظر رکھی جائیں۔

(۳) **کیرکٹر کا اتحاد**:۔ جس شخص کا جو کیرکٹر قائم کیا جائے اُس کی استقامت اور مداومت کا پابندی کے ساتھ لحاظ رکھا جائے۔

(۴) **واقعہ نگاری**:۔ مشکوک اور ناممکن الوقوع واقعات بیان نہ کئے جائیں۔ واقعات کی صحیح اور اصلی تصویر اس طرح لفظوں میں اُتاری جائے کہ بیان سے تعلق رکھنے والے مختصر واقعات بھی نظر انداز نہ کئے جائیں۔

مثنوی مادرِ ہند

اس وقت نہ میری یہ غرض اور نہ میرا فرض کہ میں مذکورہ بالا معیار پر مثنوی مادرِ ہند کو جانچوں لیکن اتنا عرض کر دینا ضروری ہے کہ مذکورہ بالا اقسام کے تحت میں یہ مثنوی نہیں آتی۔ یہ اپنے طرز کی پہلی مثنوی ہے اور آج سے پچاس ساٹھ سال پہلے کی تصنیف۔ یہ مثنوی ملکہ وکٹوریہ آنجہانی کی پہلی جوبلی کے موقع پر لکھی گئی تھی اور اُس وقت یہ نوید ہند کے خوش کن لقب سے ملقب تھی۔ یہی وجہ ہے کہ میرے محترم بزرگ اور کریم اُستاد بھائی حضرت امداد مدظلہ نے اپنے فارسی کے قطعہ میں

ع نوید ہند زتصنیف خاں بہادر شادؔ ؎ سے طباعت کا سال نکالا ہے۔)

اُس وقت کی ذہنیتیں آج سے جداگانہ اور خیالات ملکی انقلابات کی تفہیم سے یک گونہ ناآشنا تھے۔ اُس وقت شاعر نے ملکی ضرورتوں اور زمانے کی روش کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ مثنوی تصنیف کی **مادرِ ہند نے اقسام مثنوی میں ایک سیاسی مثنوی کا اضافہ کیا**۔ چنانچہ جناب سریرؔ کابری گیاوی نے اپنے قطعہ تاریخ میں صحیح تحریر فرما ہے۔ ع انداز سخن ہے کیا انوکھا ؎

اردو میں ہوا اک نیا اضافا ؎

بے شک اس طرز کے موجد شادؔ تھے اور اولیت کا سہرا یقینی اُن کے سر رہا جس دور میں یہ مثنوی لکھی گئی تھی واقعی قوم کے لئے مفید تھی لیکن اُس وقت شائع نہ ہوسکی اور مصنف کی دیگر تصنیفوں کی طرح یہ بھی غیر مطبوع رہ گئی۔ ۱۹۰۸ء میں بعض حضرات کا خیال ہوا کہ یہ مثنوی شائع کی جائے۔ اسی غرض خاص سے حضرت شادؔ مرحوم نے اس مثنوی پہ نظر ثانی کی اور نوید ہند کی جگہ **اس کا نام مادرِ ہند** رکھا لیکن اُس وقت بھی اس کی اشاعت ملتوی رہ گئی زمانہ گزرا اور ملکی خیالات میں انقلابی تغیرات رونما ہوئے یہ دور ابھی ختم نہیں ہونے پایا تھا کہ شادؔ مرحوم کی عمر حد طبعی سے تجاوز کر گئی

اور ضعف و انحطاط کے آثار نمایاں ہونے لگے۔ آپ نے اپنی تصنیفوں پر نظر ثانی کا عزم فرمایا چنانچہ اُسی سلسلہ میں اس مثنوی پر تیسری دفعہ نظر کی گئی اور اشعار میں پھر ترمیم و تنسیخ ہوئی۔ مجھے خوب یاد ہے کہ اسی زمانہ میں اس شعر کا بھی اضافہ ہوا۔ ؎ دُھن میں تری ای کمال ہم نے ٭ کاٹے ہیں ساٹھ سال ہم نے ٭ اس شعر سے ہرگز یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ یہ مثنوی اُس وقت کی تصنیف ہے جب شاؔد کی شاعری اپنی عمر کا ساٹھواں سال طے کر رہی تھی یا کر چکی تھی۔ چنانچہ جب مثنوی چشمۂ کوثر مطبع صبح صادق واقع شہر عظیم آباد میں طبع ہو کر سنہ ۱۳۰۰ ہجری میں منصۂ شہود پر آئی تو شاد مرحوم کی تصنیفوں کی فہرست میں مثنوی نوید ہند کا ذکر بھی موجود ہے (مثنوی چشمۂ کوثر کا ٹائیٹل پیج ملاحظہ ہو) اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ مثنوی سنہ ۱۳۰۰ ہجری کے قبل تصنیف ہو چکی تھی ٭

محترمی حضرت سیماب مدظلہ العالی و حضرت رشید احمد صاحب صدیقی کے گراں قدر مقدموں کے بعد اس ہیچمیرز کا مادر ہند کے متعلق کچھ عرض کرنا "سورج کو چراغ ہی دکھانا" ہے لیکن حقیقتِ حال سے ارباب وطن کو مطلع کر دینا میرا فرض تھا۔ شاؔد کی یہ مثنوی اگر اتنے دنوں تک نہ چھپ سکی تو چنداں تعجب کی بات نہیں۔ مثنوی تو مثنوی شاؔد کا وہ دیوان جس کی بدولت

آج شاد، شاد ہیں، اب تک شائع نہ ہو سکا۔ غزلوں کا ایک مجموعہ اور وہ بھی نا مکمل "کلام شاد" کے نام سے کچھ عرصہ ہوا کہ شائع ہوا تھا لیکن اُس سے نہ خود شاد مرحوم راضی تھے اور نہ میں اُسے شاد کی غزل سرائی کا مکمل نمونہ سمجھتا ہوں۔ شاد کو چھوڑیئے۔ یہاں کے اور اگلے باکمالوں کو لیجیے تو اُن کے ساتھ اس سے بھی زیادہ بے پروائی برتی گئی اور ہنوز برتی جا رہی ہے۔ کیا یہاں کی ادبی انجمنوں کا یہ فرض نہیں کہ وہ راسخ مرحوم سے باکمال کے کلام کی اشاعت کریں۔ راسخ بھی وہ راسخ جس کے متعلق مصنف آب حیات صفحہ ۱۷۴ میں تحریر فرماتے ہیں۔

"راسخ عظیم آبادی کا دیوان میں نے دیکھا ہے۔ بہت سنجیدہ کلام ہے۔ پُرانے مشاق تھے اور سب اُدھر کے لوگ اُنھیں اُستاد مانتے تھے۔ مرزا کے پاس شاگرد ہونے کو آئے۔ مرزا نے کہا کوئی شعر سنائیے۔ اُنھوں نے پڑھا۔

ہوئے ہیں ہم ضعیف اب دیدنی رونا ہمارا ہے
پلک پر اپنی آنسو صبح پیری کا ستارا ہے

مرزا نے اُٹھ کر گلے لگا لیا۔" لیکن مصنف آب حیات نے سودا کے تذکرہ میں محض ضمناً یہ نقل درج کر دی ہے۔ تمام کتاب کی فہرست دیکھ جائیے راسخ عظیم آباد کا کہیں نام تک نہیں۔

شاد مرحوم نے ان کو میر تقی میر کا شاگرد لکھا ہے۔ جب شیخ غلام علی

راسخ دلی پہونچے تو میر صاحب کی خدمت میں بہ نظر اصلاح حاضر ہوئے میر صاحب گوشہ نشیں ہو چکے تھے۔ جب راسخ کو خادمہ سے یہ معلوم ہوا تو فی البدیہہ یہ مطلع لکھکر میر صاحب کی خدمت میں بھیجا ؂

خاک ہوں پر توتیا ہوں چشم مہر و ماہ کا
آنکھ والا رتبہ جانے مجھ غبار راہ کا

مطلع پڑھتے ہی باہر چلے آئے۔ اللہ ری قدر شناسی اور کمال پرستی!
بہ ہر صورت راسخ کا کمال ثابت اور مسلم۔
سنہ ۱۹۱۸ء میں راسخ مرحوم کا ایک تذکرہ انگریزی میں شائع ہوا تھا لیکن وہ بھی اب نوائے وطن (مصنفہ شاد مرحوم) کی طرح کمیاب۔
یہ ارباب وطن کی بے توجہی اور ناقدرشناسی کا نتیجہ ہے کہ میرے محترم بزرگ حضرت سیماب دام فیضہ کے سے بے تعصب اُستاد اور شاعر نے بھی جہاں تمام مثنویوں کا تذکرہ کیا ہے راسخ کی مثنویوں کا ذکر نہیں فرمایا۔ اگر یہ واقعات اُن تک پہونچتے تو وہ ہرگز آزاد مرحوم (مصنف آب حیات) کی طرح ایسے اُستاد اور باکمال شاعر کو پوربی سمجھ کر نظر انداز نہ فرماتے۔
بے شک یہ ہمارا قصور ہے اور ہم سے زیادہ ہماری ادبی انجمنیں اس کی ذمہ دار
بہر کیف! راسخ مرحوم کے کلیات میں اُن کی غزلیں اور مثنویاں زیادہ تر قابل توجہ ہیں۔ مثنوی کا ذکر چلا آرہا ہے اس لئے کم از کم مرحوم (راسخ) کی

مثنویوں کے نام ہی گنوا کر تو اُن کی روح سے شرمندہ نہ ہوں کیونکہ یہاں تفصیل کا نہ موقع اور نہ گنجایش۔

راسخ کی مطبوعہ مثنویاں

(۱) حسن و عشق (۲) ناز و نیاز (۳) سبیل نجات - (۴) کشش عشق (۵) نیرنگ محبت (۶) جذب عشق (۷) اعجاز عشق (۸) نور الانظار (۹) گنجینۂ حسن (۱۰) مرأۃ الجمال - (۱۱) مکتوب شوق (۱۲) شرح حال (۱۳) شہر آشوب (۱۴) مثنوی مدحیہ۔

میں اس سلسلہ میں مولانا ظہیر احسن شوق مرحوم نیموی عظیم آبادی کی مشہور مثنوی "شام سندر" کا نام بھی لکھے بغیر نہیں رہ سکتا

شاد کی دگر مثنویان

(۱) نالۂ شاد۔ ۱۲۷۰ھ ہجری میں یہ مثنوی شائع ہوئی تھی۔ یہ ایک مختصر عشقیہ مثنوی بحر رمل مسدس مخبون میں ہے لیکن اب معدوم

(۲) مثنوی ثمرۂ زندگی:۔ یہ مثنوی شاد مرحوم نے اپنے فرزند سید حسین خانصاحب مرحوم کے مکتب کے موقع پر حسب حال لکھی تھی اور طبع بھی ہو چکی ہے۔ +

۳۔ مثنوی فغانِ دلکش :۔ یہ مثنوی فارسی میں ہے اور غیر مطبوع۔

۴۔ مثنوی چشمۂ کوثر :۔ یہ مثنوی ۱۳۰۰ھ ہجری میں شائع ہوئی تھی۔ یہ دس جزوں کی مثنوی اُردو میں بہ طور نان و حلوائے شیخ بہائی اخلاقی نصائح پر مشتمل ہے۔

رات تھوڑی، داستان طویل، اس لیئے میں اس ناچیز عرض حال کو اپنے مخلص دوست مولوی حافظ سید ظہیر احمد صاحب مجروح کے شکریہ پر ختم کرتا ہوں، جن کے مساعی جمیلہ اور قدر شناسیِ اہل سخن ہر طرح لائق صد ستایش ہے۔ زمانہ طالب العلمی میں وطن کے باکمالوں کی قدردانی کا یہ جذبہ واقعی جس قدر بھی عزت کی نگاہوں سے دیکھا جائے کم ہے۔ اسی سلسلہ میں اتنا اور عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ ادیب الملک نواب سید نصیر حسین خاں صاحب خیال مرحوم عظیم آبادی کی وہ عدیم المثال تصنیف جو اُن کی زندگی کا آخری کارنامہ ہے اور اردو نثر میں فردوسی کا شاہنامہ انشاء اللہ بہت جلد شائع ہونے والا ہے۔ یہ وہ کتاب ہے جو اُردو میں آپ اپنی نظیر ہے۔

مثنوی مادرِ ہند ہدیۂ ناظرین ہے۔ جناب مجروح تو اپنے ادبی فرض سے سبکدوش ہوگئے۔ اب اربابِ وطن ہیں اور اُن کی قدر شناسی۔

خاکپائے شاد
حمید عظیم آبادی

۷۸۶

تقریب

شادؔ[1] اور خیالؔ[2] میرے نزدیک بہار کے انیسؔ اور آزادؔ ہیں۔
شادؔ کے مراثی اور اس کے متعلقات بلندی اور روانی میں انیسؔ کی
سحر کاریوں سے تقابل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ دوسری طرف آزادؔ نے
فارسی الفاظ اور ترکیبوں سے اردو میں جو نیرنگ کاری کی ہے اس کا
جواب ابتک اردو ادب میں نہیں ہوا۔ خیالؔ نے ہندو روایات اور
ہندو کلاسکس (ادبیات عالیہ) کو اردو میں جس طور پر سمویا اور
اُجاگر کیا ہے وہ بھی اپنی نظیر آپ ہے۔ جس پر کسیقدر تفصیل کے ساتھ
میں نے لکھیں اور بحث کی ہے۔

شادؔ کے کلام میں میرؔ کا رنگ اور انیسؔ کا زور ہے۔ مجھے تعجب
اور افسوس ہے کہ ابتک شادؔ کی طرف اتنی توجہ کیوں نہیں کی گئی۔
جس کے وہ مستحق تھے۔ یہ میری اور شادؔ دونوں کی بدنصیبی ہے کہ مجھسے
مثنوی مادر ہند مصنفہ شادؔ پر اظہار خیال کی فرمائش کی گئی لیکن مصیبت

[1] سید علی محمد شاد۔ [2] نواب نصیر حسین خیال۔

یہ تھی کہ یہ فرمایش ایک طالب العلم کی تھی جس کو میں کسی طرح رد نہیں کر سکتا تھا
حافظ سید ظہیر احمد صاحب متعلم جامعہ شمس الہدیٰ سے روشناس نہیں
ہوں۔ لیکن ان کی طالب علمانہ تلاش و تفحص اور سعی و انہماک کا یقیناً
معترف ہوں۔ سطور ذیل کے جواز میں اتنا ہی عرض کر دینا کافی ہے۔

اُردو شاعری میں داخلی رنگ کا بہت کچھ عمل دخل رہا ہے اسکو
ایک حد تک مشرق کا فطری میلان بھی کہہ سکتے ہیں لیکن یہ بھی امر واقعہ
ہے کہ گو اُردو کی ابتدا اگلی کوچوں میں ہوئی اُسکی ترقی و تزئین دربار اور
عشرت کدوں میں ہوئی جہاں غزل یا قصیدوں کے علاوہ کسی اور
صنف کلام کو پنپنے کا موقع ہی نہ تھا۔ لیکن یہ فخر یقینی دکن کو حاصل ہے
کہ وہاں اردو کی بسم اللہ منقبت و مراثی سے ہوئی اور بجائے اسکے کہ
شعرا حکمرانِ وقت یا معشوقانِ مجازی کی مدح سرائی کرتے جیسا کہ لکھنؤ
اور دہلی کا حال رہا ہے۔ دکن میں خود حکمران وقت نے نعت و منقبت
اور محبوب حقیقی کی ستایش و نیائیش سے اردو شاعری کا افتتاح کیا۔

غالباً سب سے پہلے ۱۰۱۸ھ ہجری میں قطب شاہ سلطان گولکنڈہ نے
ایک نعتیہ مثنوی لکھی اس کے بعد ۱۰۵۹ھ میں کمال خاں رستمی نے حضرت
علی کرم اللہ وجہہ کے کارنامے اپنی مثنوی خاورنامہ میں قلمبند کئے رستمی
کے بعد عشقیہ مثنویوں کی ابتدا ہوئی جن میں نصرتی اور بحری کا نام خاص طور

پر لیا جا سکتا ہے۔

مشرقی ہند میں میر، درد، میر حسن، نسیم، قلق، مصحفی، راسخ، تسلیم، اور شوق، کی مثنویاں مشہور ہیں۔ ان میں سے ہر ایک عشق و محبت کی داستانوں سے لبریز ہے اور بقول حالی مرحوم

ہماری مثنویوں کا یہ حال ہے کہ ان میں معمولی حمد و نعت وغیرہ کے بعد اکثر بادشاہ یا امیر زادہ یا سوداگر بچہ کے حسن و جمال کی تعریف ہوتی ہے۔ پھر اس کو کسی پری یا شاہزادی یا وزیر زادی یا اور کسی کے ساتھ لگا مارا جاتا ہے۔ وہ اول اسکے فراق میں شہر شہر جنگل جنگل مارا پھرتا ہے، پھر آخر کار وصل سے کامیاب ہوتا ہے۔ یہ کامیابی ایسی ضروری ہے کہ اسکے متعلق، پہلے ہی سے پیشگوئی کی جا سکتی ہے۔

بہار میں جہاں تک شعرائے متقدمین کا تعلق ہے، مثنوی نگاری کی طرف توجہ نہیں کی گئی۔ ملا علیم تحقیق، عماد اور بیدل کے ہاں یہ چیز نہیں ملتی۔ راسخ نے البتہ مثنوی کو فروغ دیا جن کے بعد بہار میں اس صنف کلام میں مختلف و متعدد شعراء نے طبع آزمائی کی جن میں شوق نیموی، عبد الجلیل نظر اور فریاد خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں +

مثنوی کی سب سے پہلی خوبی تو یہ ہونی چاہیئے کہ بیان میں تسلسل ہو وہ بھی اس شرط کے ساتھ کہ ہر بیت ایک دوسرے سے مربوط

اور باہم گر پیوست ہو۔ دوسری یہ کہ حالات اور واقعات فطرت
اور عادت کے مطابق ہوں۔ ان امور کو ملحوظ رکھتے ہوئے میرا خیال
ہو کہ مثنوی میں خارجی رنگ کے اُبھارنے اور نکھارنے کے کافی مواقع
ملتے رہتے ہیں۔ اور اردو شاعری میں جس چیز کی کمی ہو، مثنوی سے وہ
بہت کچھ پوری کی جاسکتی تھی لیکن یہ ہماری افتاد طبع کہ یہاں پہنچکر
بھی ہم ؎

عشیرہ منم دخت افراسیاب ؏

ہی پر تان توڑتے رہے
حالی اور شبلی نے مثنوی سے سب سے پہلے ماجرائے حسن
عشق کو حذف کیا۔ چنانچہ مثنوی صلح امید میں شبلی نے اسلام کی
گزشتہ سربلندی اور موجودہ فتادگی پر اظہار کرتے ہوئے سرسید تک کی
طرف گریز کی ہو اور اُن کے رفقائے کار اور محسنوں کا تذکرہ کرتے
ہوئے مدرستہ العلوم علی گڈھ کی تاسیس و توصیف پر تان توڑ دی ہو۔
شبلی نے شاعرانہ لطف و لطافت کے ساتھ ساتھ جس کے وہ امام تھے
اسلامی رکھ رکھاؤ کا سر رشتہ کہیں ہاتھ سے نہیں دیا ہو۔ ساری مثنوی
میں صرف ایک جگہ لارڈ لٹن کا ذکر آیا ہو اور بجائے اسکے کہ وہ انکی قصیدہ
خوانی کرتے انھیں سے قصیدہ خوانی کرائی ہو اور یہ انکی شرافت شعری

اور بالغ نظری کا ثبوت ہے۔ اگر قصیدہ کا مقصود ممدوح کی نری ستایش اور تملق نہیں بلکہ ممدوح اور اسکے ارادت مندوں کو دوسروں کی نظر میں ممتاز و محبوب بنانا ہے تو یہ طریقہ کار، اثرآخریں کے اعتبار سے سب سے کاری ہے۔

حالی نے بھی اپنی بیانیہ نظموں میں ایک خاص اور بلند مقصد پیش نظر رکھا ہے۔ داستان حُسن و عشق سے اجتناب کرنا بلکہ اس سے تائب ہوجانا حالی کے لئے کوئی خاص بات نہ تھی اس لئے یہ عنصر وہاں سرے سے مفقود ہے۔ "حب وطن" میں جس کو میں ایک طور پر مثنوی ہی قرار دیتا ہوں۔ حالی نے مسلمانوں کے ادبار پر اظہار خیال کرتے کرتے ایک جگہ پر برطانیہ کے برکات کا بھی ذکر کیا ہے۔ جس عہد کی یہ مثنوی ہے اس میں برطانیہ کے ساتھ عقیدت کا اظہار کوئی معیوب بات نہیں سمجھی جاتی تھی اور اس اعتبار سے حالی یا شاد کسی پر حرف گیری کرنا بے جا ہوگا۔ لیکن جیسا کہ میں ابھی ابھی کہہ آیا ہوں شبلی کو اسبارہ خاص میں بہت بڑا امتیاز حاصل ہے۔

شاد نے مثنوی مادر ہند میں ماجرائے حُسن و عشق کو آنے ہی نہیں دیا ہے۔ گو اس کے ساتھ ساتھ میرا یہ بھی خیال ہے کہ مثنوی مادر ہند کو تشبیہی و تمثیلی (ایلیگارکل) حیثیت دیکر شاد نے اسکی اثر اندازی کم کردی

مثنوی زیر نظر کا لب لباب یہ ہے +

ایک زمانہ میں ہندوستان (مادر ہند) کو بڑا عروج نصیب تھا، اُسکے دو لاڈلے فرزند رام ورحیم (ہندو اور مسلمان) تھے، مدتوں دونوں شیر و شکر رہے لیکن بعد میں تفرقہ پڑ گیا۔ مادر ہند نے بہت کچھ اونچ نیچ سوجھایا لیکن ایک پیش نہ گئی چنانچہ ہندوستان میں ابتری پڑی اور اغیار نے اسکو تاکا یہاں تک کے کچھ نووارد تاجر آئے اور مادر ہند کو اختیار میں لائے۔ ماں نے ہنگام رخصت رام ورحیم کو سمجھایا اور اپنے معاون تجار کو نصیحت اور فرزندوں کے ساتھ رعایت کرنے کی سفارش کی۔ بالآخر ۱۸۵۸ء کے فرمان شاہنشہی اور ملکہ کی پہلی جوبلی پر یہ ڈراما ختم ہو گیا +

جہاں تک فن مثنوی نگاری میں مبصرانہ رنگ یا شاعرانہ صنعت کاری کا تعلق ہے مثنوی مادر ہند کی خوبیاں محتاج بیان نہیں ہیں۔

ہندوستان کی تعریف :-

عظمت میں کنشت سے فزوں تر	خوبی میں بہشت سے فزوں تر
ہر گوشہ زمیں کا رشک گلشن	جس نخل کو دیکھئے وہ چندن
بازار عدن وہاں کے رستے	پانی کے عوض گہر برستے
جس پھول کو سونگھئے وہ خوشبو	جس نخل کو دیکھئے وہ دلجو

باغوں میں پرند ہر طرح کے
جنگل میں چرند ہر طرح کے

یادرہند کے دو لاڈلے فرزند (رام ورحیم)

کہتا تھا یہ دیکھکر زمانہ
دونوں سے ہے گھر نگار خانہ
خورشید سپہر سروری ہے
اور نگ نشین برتری ہے
ازبسکہ دلوں میں تھی صفائی
دستار بدل تھے دونوں بھائی

دونوں فرزندوں میں نفاق پڑگیا ہے، ماں سمجھاتی ہے

سنتی ہوں کہ بھائیوں میں ہے سو
پھیلی ہوئی یہ خبر ہے ہر سو
اپنی ہے خبر تمہیں نہ گھر کی
لٹتی ہے کمائی عمر بھر کی
ماں صدقے، دلوں میں کیا سمائی
کی بھائی نے بھائی سے بُرائی
تصویر الم ہوں سر سے تا پا
کس درپہ میں کاٹوں گی بڑھاپا
لیجائے گا کسکے گھر مقدر
گذریگی اخیر عمر کیوں کر
آپس میں نہ اب ملال رکھو
مجھ ماں کا تو کچھ خیال رکھو
سچ ہے اسی واسطے ہے اولاد
پھولے پھلے، ماں کا گھر ہو آباد

ہندوستان انگریز تجار کے ہاتھ میں آیا مادر ہند بیٹوں کو سمجھاتی ہے

اک ہوک اُٹھی غضب جگر سے — یوں روئی کہ جیسے ابر برسے
آہستہ کہا کہ جان مادر — تم چھٹتے ہو، کیا کروں مقدر
ماں صدقے! بس اب گئی امیری — آئی ہے تمہارے گھر فقیری
ڈرتی ہوں کہ تم اگر لڑو گے — کمزور ہو دونوں گر پڑو گے
دنیا میں رواج ہے اسیکا — حصہ نہیں ملک میں کسیکا
ہر چند ہے بخت اپنا بھونڈا — پکا نہیں دھوپ میں یہ چونڈا
جن لوگوں کے ہوتے ہو حوالے — یہ بھی مری گود کے ہیں پالے
رہنا ہو حمایتوں میں جن کی — بسنا ہو حفاظتوں میں جن کی
ہونا تم ان کے طالب خیر — ہو جائے گا قہر، گر پڑا بیر

معاون تجار کو یوں مخاطب کرتی ہے:-

مجبور کو عاطفت میں لانا — معذور جو ہو تو بخش دینا
بیٹے مرے گو ہیں بدلیاقت — آئے گی کبھی تو آدمیت
ان میں ہر ایک جب پڑھے گا — ہر طرح کا تجربہ بڑھے گا
مجھ ماں کو ضرور سمجھیں گے ماں — ہوگا مری خدمتوں کا ارماں

چاہیں اگر اس میں استعانت — لازم ہو تمہیں بہت رعایت

غدر کے بعد مراحم خسروانہ کا اعلان و اقبال و ترقی کا زمانہ

دی گل کو عجب خبر صبا نے — زر لے کے چلا کھلے خزانے
مٹھی میں چھپا لیا ہے صحرا — کوزے میں کیا ہو بند دریا
کہتا ہوں حیات کم باذنی — ہو بانگ صریر قم باذنی
ہر مرکز کاف سر مکنوں — ہر دائرہ ہو خم فلاطوں
کاواک ہوں کس طرح یہ اشعار — جنتر ہو قلم کو لفظ ہے تار
مٹی کو طلا یہ اب شرف ہو — جو خشت ہو رو کش صدف ہو
کیا فیض شہنشہی ہو ہر سو — جس جس پہ نظر کرو وہ جادو

مادر ہند کا جوبلی میں آنا اور عرض حال کرنا:۔

دو لخت جگر جواب ہیں قائم — یارب یہ رہیں صحیح و سالم
سب زور گھٹا دیا انھوں نے — کھر کھوج مٹا دیا انھوں نے
دونوں میں غضب کی تھی لڑائی — اس جنگ نے گھر کی کی صفائی
خواہش ہو نہ مال کی نہ زر کی — اولاد کی دھن ہو اور گھر کی
جس وقت تھی انکے پاس دولت — حاتم سے زیادہ کی سخاوت

پاتے تھے امیر جسکے گھر سے
روٹی کے لئے وہ آج تر سے

ظاہر کی ہے یہ سفید پوشاک
باطن میں نہیں ہے پاس کچھ خاک

طاقت میں بھی مال و زر میں بھی کم
ہیں علم میں کم ہنر میں بھی کم

حضرت کے وہ منصفانہ احکام
خوش تھے جنھیں سن کے خاص اور عام

ضد کرتے ہیں اب یہی یہ خوشخو
دلوا انھیں جاکے یاد خود تو

شاہنشہی جواب۔

خوش تجھسے نہ کیوں ہوں بادولت
دل کھول کے تونے کی اطاعت

بیٹوں میں ترے ہے گو شرافت
صورت سے ٹپکتی ہے نجابت

دونوں میں مگر دلی نہیں میل
سمجھے ہیں وہ اس نفاق کو کھیل

اب تک وہی بدگمانیاں ہیں
اب تک وہی لن ترانیاں ہیں

جب علم و عمل میں ہوں گے کامل
تب ہوگا نفاق دل سے زائل

پھر کوئی کرے گر ان کی تحقیر
تہذیب خود اسکو دیگی تعذیر

کچھ اور دنوں ابھی سبق لیں
تب مانگ کے مجھسے اپنا حق لیں

پوتا مرا ہوگا زینت تخت
چمکے گا ترا ستارۂ بخت

سوراج عطا کرے گا وہ شاہ
بڑھ جائیگی تری شوکت و جاہ

اس مثنوی میں برطانیہ کے ساتھ اظہار عقیدت کیا گیا ہے، کسی زمانہ میں یہ رنگ مقبول تھا اور کسی نہ کسی حد تک مستحسن بھی، آج یہ چیز نظروں سے گر گئی ہے جس کا میں اظہار کر دینا ضروری سمجھتا تھا، لیکن اس پر زور دینا نہیں چاہتا تھا، میرا مقصود شاؔد کو پیش کرنا ہے، علی محمد کو خدا کو سونپتا ہوں۔ شاعر نے کمال فن کے اعتبار سے کوتاہی نہیں کی ہے، ایسے شخص سے ممکن ہے لغزش ہوئی ہو۔ لیکن جس چیز نے شخص اور شاعر کو بڑی حد تک متوازی کر دیا ہے وہ جذبۂ وطن دوستی ہے۔ **شاد** نے ہندو مسلمانوں کو اچھے رنگ میں پیش کیا ہے۔ ان سے متعلق مادر ہند کی زبان سے جو کلمے ادا کرائے ہیں وہ اپنی اپنی جگہ پر قطعاً موزوں اور فطری ہیں جن سے شاد کی بلند نظری، سیر چشمی اور اخوت کا پتہ چلتا ہے۔ خدا آپ کو جزائے خیر دے، آج یہ چیز ناپید ہے +

شاد کی نجی زندگی سے میں زیادہ واقف نہیں ہوں۔ کلام سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ابنائے وطن کے شاکی رہے اور کم سے کم جہاں تک شعر و شاعری کا تعلق ہے۔ اس متاع یوسفی کو کنعاں میں وہ فروغ نہیں نصیب ہوا جو مصر میں حاصل ہوا لیکن یہاں

بھی شاعر کی سیرت کا ایک دلکش نقش نمایاں ہے۔ یعنی شاد ابنائے وطن کی شکایت میں شعر و شاعری کی خدمت اور منزلت کو نظر انداز نہیں کرتے۔ مثنوی مادر ہند کے اخیر میں فرماتے ہیں اور کسقدر حزیں لہجہ میں ؎

اے خدمتیان بزم اشعار — اے جوہریان سر بازار
یہ فن شریف شاعری نام — ہوتا ہے بخیر جس کا انجام
جاتا رہا رکھ رکھاؤ اس کا — دنیا سے ہے چل چلاؤ اس کا
سالم ہے خم نہ جام باقی — میخانہ تہی خموش ساقی
چھائی ہوئی حسرتیں ہیں ہر سو — میکش ہیں تمام سر بزانو
سنتا نہیں کوئی جو اپنی فریاد — برسوں کی ریاضتیں ہیں برباد
دھن میں تری اے کمال ہم نے — کاٹے ہیں ساٹھ سال ہم نے
گو پیر ہوا پہ مونھ نہ موڑا — تجھکو تو جواں بنا کے چھوڑا
اس شہر میں رہ کے کی ریاضت — معدوم جہاں تھے اہل ہمت
میں نخل کماں تھا وطن میں — سر سبز ہوا نہ اس چمن میں
غم نے مرا برگ و بار چاٹا — اُٹھتی ہوئی کوپلوں کو کاٹا

دنیا کا بس اب نہ دم بھرو شاد
پیری ہے خدا خدا کرو شاد

بہار کے ارباب شعر و ادب سے میری ناچیز گزارش ہے کہ واقعات و حالات جو کچھ بھی ہوں، بہار کے دامن پر یہ بد نما دھبہ ہے کہ ان کا بے مثل شاعر بڑی حد تک کس مپرس ہے۔ کیا بہتر ہوتا کہ حضرات بہار اس کام کو ہاتھ میں لیتے اور صرف بہار سے مستقل چندہ فراہم کر کے شاد کی جملہ تصانیف کو (جنکی تعداد تقریباً چالیس یا پینتالیس کے ہے) مبسوط اور مشرح مقدمات و حواشی کے ساتھ دیدہ زیب اڈیشنوں میں شائع کرتے۔ جہاں تک میں سمجھتا ہوں اس بارہ میں حافظ سید ظہیر احمد صاحب متعلم جامعہ شمس الہدیٰ بہت زیادہ قابل داد ہیں کہ باوجود اپنے ایام طالب العلمی کے اس اہم کام کو انجام دینے میں مشغول ہیں۔ میں موصوف الصدر کو مبارک باد دیتا ہوں اور حضرات اہل بہار سے یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر وہ خود نہیں انتظام کر سکتے ہوں تو حافظ صاحب موصوف کی ہر ممکن طریقے سے ہمت افزائی کریں تاکہ اُن کی ہمت بلند ہو۔ +

شاد ابنائے وطن کے سوگوار رہے، اب وقت ہے کہ بہار اپنے انیس کو سراہے اور سر بلند کرے، قوم کو سب سے اخیر میں اپنے شاعر کو بھلانا چاہئے!

شاد خاکِ عظیم آباد سے اُٹھے اور ۸۲ سال کی عمر پا کر
۱۳۴۵ھ میں بہار ہی سے جوار رحمت میں پہونچ گئے -
ان سطور کی ترتیب اور تدوین میں مجھے اپنے ہونہار اور
سعید شاگرد معین الدین احمد صاحب دردائی و تبارک کریم جبار حسب
متوطنین بہار سے گرانقدر مدد ملی ہے، ہر دو حضرات مسلم یونیورسٹی
علیگڈھ کے طالب العلم ہیں اور وہ دن دور نہیں کہ جب ان کو بھی وہ
درجے حاصل ہوں گے جس پر فضلائے بہار فائض رہے ہیں اور
میں فخر کرتا ہوں گا۔ +

رشید احمد صدیقی
مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

۷۸۶

دیباچہ

بنامِ شاہدِ نازک خیالاں
عزیزِ خاطرِ آشفتہ حالاں

میرے مکرم عزیز مولوی حافظ سید ظہیر احمد صاحب متعلم جامعہ شمس الہدےٰ پٹنہ کا اصرار ہے کہ میں علامہ شاد عظیم آبادی مرحوم کی مثنوی "مادرِ ہند" کا دیباچہ لکھوں، اس اصرار کی عمر تقریباً ایک سال سے زیادہ ہو چکی ہے اور میں بہت محجوب ہوں کہ اسوقت تک سید صاحب کے ارشاد کی تعمیل مجھسے نہ ہو سکی۔ اس کا سبب کچھ تو تواتر علالت اور کچھ تسلسل مصروفیت تھا۔ گو یہ دونوں مواقع اب بھی حائل راہ ہیں۔ مگر اصرار کی شدت اب ایک لمحہ خاموشی کی اجازت نہیں دیتی۔

مثنوی "مادرِ ہند" بہار کے اُس زندۂ جاوید شاعر کا کارنامہ ہے جو دہلی اور لکھنؤ کے اساتذہ کی طرح مقبول و مشہور رہے اور جسکے افکار نے بہار کو صوبۂ متحدہ کی طرح زبان و محاورات میں اردو کا مرکز ثابت کر دیا ہے

عظیم آباد یوں تو ہمیشہ فضلا اور شعرا کا مولد و مسکن رہا ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ علامہ شاد عظیم آبادی مرحوم کی نسبت نے اسے ہندوستان کے ادبی جغرافئے میں بہت ممتاز جگہ دیدی ہے۔ اور ہم عظیم آباد کو حضرت شاد مرحوم ہی کی وجہ سے زیادہ پہچان سکے ہیں۔

اس سے پہلے کہ میں "مادر ہند" کے متعلق تبصرہ کروں چاہتا ہوں کہ مثنوی کی عہد بعہد تاریخ بھی لکھدوں' تاکہ اردو لٹریچر میں مثنوی کے متعلق تاریخی مواد ایک جگہ جمع ہو جائے۔ اور طالبانِ فن کو اُس سے بہ آسانی افادے کا موقع ملے۔

مثنوی

لفظ "مثنوی" مثنےؔ[۱] سے منسوب ہے۔ جو اثنین کا اسم معدول ہے۔ جسکے معنی "دو" ہیں الف یائے نسبت کے الحاق کے بعد واؤ سے بدل گیا۔ اور یہ لفظ مثنی سے مثنوی ہو گیا۔ چونکہ مثنوی کے ہر شعر میں دو قافئے ہوتے ہیں اس لئے اس کا نام "مثنوی" رکھا گیا۔

غزل[۲] میں ردیف اچھی معلوم ہوتی ہے اور مثنوی میں اس کے برعکس۔ مثنوی' رباعی اور غزل کی طرح مخترعات عجم سے ہے۔: لم تکن للمتقدمین من العرب الا القطعات و القصائد۔ و المتاخرین اخذوا سائر انواع الابیات

---

[۱] بدائع الافکار ملا حسین واعظ کاشفی ۱۲ [۲] رسالہ قافیہ مولفہ مولانا قاسم کاہی ۱۲

من العجم کا الرباعی المشتہر بالدوبیت[1] والمزدوجہ المعرفۃ بالمثنوی۔

مثنوی کی بحر

مثنوی علی العموم قصص اخبار اور حکایات و تاریخ کی تسوید کے لئے رائج ہوئی ہے۔ جسکے سات وزن ہیں دو بحر ہزج مسدس سے۔ دو **رمل مسدس** سے۔ ایک **بحر سریع** سے۔ ایک **خفیف مسدس** سے اور ایک **بحر متقارب مثمن** سے۔ مثنوی "نادرہتد" بھی بحر ہزج مسدس اخرب[2] مقبوض مقصور یا محذوف میں ہے۔

بحر رجز سالم، رمل سالم، اور ہزج سالم وغیرہ لمبی بحروں میں مثنوی نہیں لکھی جاتی۔

بحر رمل مسدس میں بھی متاخرین نے بہت کم مثنویاں لکھی ہیں۔ بقول ملا جامی رحمۃ اللہ علیہ سب سے پہلے امیر خسرو دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس بحر میں مثنوی لکھی تھی۔

فارسی مثنوی کی ابتدا

زمانہ[3] اسلام سے پہلے فارسی میں کوئی شعر دستیاب نہیں ہوتا۔ نہ فارسی شعرا کا کہیں ذکر ہے۔ مشہور یہ ہے، کہ سب سے پہلے فارسی زبان میں **بہرام گور** نے ایک شعر کہا تھا۔ اور ایک مصرع **یعقوب** ابن لیث صفار نے۔

---

[1] دوبیتی۔ [2] اخرب و اخرم کا اجتماع اس بحر میں صحیح اور جائز ہے کیونکہ دوسرے رکن (مفاعلن) کی میم کو ساکن کرکے رکن اول کے لام سے ملا دیتے ہیں تو مفعولن فاعلن مفاعیل ہوجاتا ہے [3] تذکرۃ الشعرا دولت شاہ سمرقندی

خلفائے عباسیہ کے عہد میں امیر عبداللہ طاہر امیر خراسان کے سامنے نیشاپور میں کسی نے ایک کتاب پیش کی۔ اُس نے پوچھا یہ کیا ہے؟ نذر گزارنے عرض کی کہ یہ قصۂ وامق و عذرا ہے جو شاعر نے نوشیرواں کے نام سے منسوب کیا ہے۔ امیر نے کہا ہم مسلمان ہیں ہمارے لئے قرآن و حدیث کے سوا کسی دوسری کتاب کا پڑھنا روا نہیں۔ یہ کتاب کسی کافر کی لکھی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ اور ہمارے لئے مردود ہے۔ پھر حکم دیا کہ اس کتاب کو غرق آب کر دیا جائے۔ اور عجم و مغان کی تصنیف و تالیف سے جو کتاب قلمرو میں ملے اُسے جلا دیا جائے۔

اسی طرح آل سامان کے زمانے تک عجمی شعرا کا کلام کسی نے نہیں دیکھا آخر شاہانِ سامانیہ کے عہد آخر میں ابوالحسن رودکی سمرقندی مشہور ہوئے رودکی سے پہلے شعرائے عجم میں کوئی صاحب دیوان اور صاحب کلام نہیں ہوا۔ عہد اسلام میں سب سے پہلے مثنوی کی بنیاد یہی امام الشعرا ابوالحسن رودکی نے ڈالی ہے۔ جنہوں نے امیر نصر ابن احمد سامانی امیر خراسان کے حکم سے مثنوی "کلیلہ و دمنہ" لکھی۔ اور امیر نے اُن کی قدر افزائی فرمائی؎ [1]

چہل ہزار درم رودکی ز مہتر خویش ؛ عطا گرفت ز نظم کلیلہ در کشور

---

[1] عنصری ۱۲ +

مثنوی کی فنی خصوصیات

مثنوی کے لئے خواہ وہ کتنی ہی طویل اور کتنی ہی مختصر کیوں نہو۔ تمہید لازمی ہے۔ اور سلسلۂ ربطِ کلام واجب۔ مثنوی کے دیباچے یا آغاز میں یہ چند چیزیں ضروری ہیں :- توحید، مناجات، نعت۔ مدح سلطانِ وقت، تعریفِ سخن و سخنوران، اور سبب تالیف، ان تمام خصوصیات کے موسس و موجد حضرت خواجہ نظامی گنجوی رحمۃ اللہ علیہ ہیں[۱]+

مثنوی کی عہد بعہد تاریخ

مثنوی کی تخلیق چوتھی صدی ہجری میں ہوئی۔ ترقی و ترویج کی تفصیل ملاحظہ فرمائیے:-

(۱) وامق و عذرا	خلفائے عباس کے زمانے میں موجود تھی	دریا بُرد کردی گئی
(۲) کلیلہ و دمنہ	از حکیم محمد ابوالحسن رودکی سمرقندی	المتوفی ۳۴۳ھ
(۳) داستان گشتاسپ	از دقیقی بخاری	
(۴) وامق و عذرا نہر و عین	از ابوالقاسم حسن عنصری بلخی	المتوفی ۴۳۱ھ
(۵) گرشاسپ نامہ	از اسدی طوسی استاذ فردوسی	۴۰۹ھ
(۶) شاہنامہ یوسف زلیخا	از ابوالقاسم منصور فردوسی طوسی	المتوفی ۴۱۱ھ

[۱] مخزن الفوائد +

(۷) سعادت نامہ روشنائی نامہ	از حکیم ناصر خسرو علوی اصفہانی حجت	المتوفی ۴۳۱ھ
(۸) ویس ورامین	از ابوذراعہ فخرالدین اسعد گورگانی	
(۹) قوس نامہ	از حکیم قطران ابن منصور الدجلی ترمذی ثم البلخی، اُستاذ انوری	۴۶۵ھ
(۱۰) (؟)[له]	مسعود سعد سلمان ہندی	۵۲۵ھ
(۱۱) حدیقہ زادالسالکین طریق التحقیق الٰہی نامہ	از حکیم سنائی رحمۃ اللہ علیہ غزنوی از مریدان خواجہ یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ	المتوفی ۵۲۵ھ در غزنی
(۱۲) قصۂ یوسف زلیخا (دو بحرین)	از عمعق بخاری	المتوفی ۵۴۳ھ
(۱۳) ویسہ ورامین	از نظامی عروضی سمرقندی	
(۱۴) وامق وعذرا	از فصیحی جرجانی	

[له] اس مثنوی کا نام معلوم نہ ہو سکا۔ صرف اتنا معلوم ہوا ہے کہ ایک مثنوی سلمان ہندی نے بھی لکھی تھی ۱۲ جد

(١٥) سکندر نامۂ بحری مخزن الاسرار	از ابو محمد شیخ نظام الدین نظامی گنجوی رحمۃ اللہ علیہ ابن یوسف بن موید رح	المتوفی ۵۹۲ھ
(١٦) مطلع الانوار قران السعدین	از ابو الحسن عین الدین امیر خسرو دہلوی رحمۃ اللہ علیہ	المتوفی ۷۲۵ھ
(١٧) مثنوی جلال فرہان	از جلال الدین بن جعفر رح فراہانی	۷۳۶ھ
(١٨) روضۃ الانوار	از خواجہ کمال الدین کرمانی رح	۷۴۲ھ
(١٩) مونس الابرار	از خواجہ عماد الدین فقیہ کرمانی	۷۷۳ھ در شیراز
(٢٠) گلشن ابرار مجمع البحرین دہ باب تحسینیات حسن و عشق ناظر و منظور یا ناصر و منصور بہرام و گل اندام	از مولانا محمد کاتبی نیشاپوری	۸۳۹ھ مدفن استرآباد
(٢١) تحفۃ الاحرار اور چھ دوسری مثنویاں	از مولانا عبد الرحمن جامی رحمۃ اللہ علیہ	۸۹۸ھ

(۲۲) مثنوی آصفی	از خواجہ نعمت اللہ ہراتی	
(۲۳) منظر الابصار	از قاضی سنجانی رح	سنہ ۸۹۹ھ
(۲۴) فتوح الحرمین	از محی لاری	
(۲۵) منظر الآثار	از امیر ہاشمی المعروف بہ شاہ جہانگیر کرمانی	سنہ ۹۴۹ھ
(۲۶) گوہر شہوار	از عبدی گونابادی	
(۲۷) مشہد انوار	از مولانا غزالی طوسی مشہدی	سنہ ۹۸۰ھ
مرأة الصفات		
نقش بدیع		
قدرت آثار		
(۲۸) منظور انظار	از رہائی مروی	سنہ ۹۸۲ھ
(۲۹) مثنوی نویدی	از خواجہ زین العابدین علی عبدی بیگ نویدی شیرازی	سنہ ۹۸۸ھ
جام جمشید		
(۳۰) مشاہد داعی	از شاہ نظام الدین محمود داعی شیرازی۔	
(۳۱) مثنوی قاسم	از قاسم کاہی عرف میاں کالے	سنہ ۹۸۷ھ
(۳۲) مہر و وفا	از محمد بیگ سالم ابن ابو الفتح بیگ ترکمان	

(٣٣) مظہر الاسرار	از حکیم ابوالفتح دوائی لاھیجی	
(٣٤) خلد برین	از مولانا وحشی کرمانی	سنہ ٩٩٢ھ
(٣٥) مجمع الابکار	از جمال الدین عرفی شیرازی	المتوفی سنہ ٩٩٩ھ لاہور
(٣٦) زبدۃ الافکار	از زین الدین مسعود نیکی خلف علی اصلاح اصفہانی	؍ رمضان سنہ ١٠٠٠ھ
(٣٧) مرکز ادوار نل دمن سلیمان و بلقیس ہفت کشور اکبر نامہ	ملک الشعرا شیخ فیضی فیاضی خلف شیخ مبارک ناگوری برادر شیخ ابوالفضل۔	المتوفی دہم صفر سنہ ١٠٠٤ھ
(٣٨) مثنوی زاہد	از میر مرتضی علی از سادات دو علما و شعرائے معتبر خان زماں	
(٣٩) مثنوی نامی حسن و ناز پری لعبت	از میر محمد معصوم خان نامی از امرائے اکبر	
(٤٠) مثنوی نشانی	از مولانا علی احمد نشانی ابن مولانا حسین نقشی دہلوی استاد شہنشاہ جہانگیر	سنہ ١٠٢٠ھ

(۴۱) تحفۂ میمونہ	از محمد حسن دہلوی	
(۴۲) مثنوی شافی تکلو	از مولانا نشف آقا کہ مولد او از یاق تکلو بود	سنہ ۱۰۲۳ھ
(۴۳) منبع الانہار	از مولانا ملک قمیؒ	سنہ ۱۰۲۴ھ
(۴۴) دیدۂ بیدار	از حکیم شرف الدین حسن شفائی اصفہانی	سنہ ۱۰۲۷ھ
(۴۵) زبدۃ الاشعار شاہنامہ نواب علی شاہرخنامہ لیلیٰ مجنون خسرو شیرین گوئے چوگان عاشق و معشوق	از مرزا قاسم گونابادی	
(۴۶) دوست بیدار	از ملا شیدا فتحپوری	سنہ ۱۰۸۰ھ
(۴۷) مثنوی بہائی نان و حلوا شیر و شکر	از شیخ بہاء الدین عاملی بہائی معاصر شاہ عباس صفوی ولد شیخ حسین۔	المتوفی سنہ ۱۰۳۰ھ در اصفہان

(۴۸) ہفت آشوب (جس میں سات مثنویاں ہیں۔ محمود و ایاز، آذر و سمندر، شعلۂ دیدار، میخانہ، ذرہ و خورشید، حسن گلوسوز، سلیمان نامہ	از ملا زلالی خورنساری شاگرد میرزا جلال اسیر۔	
(۴۹) مثنوی باقر	از باقر کاشی خردہ برادر خورد ملا مقصود کاشی معاصر شاہ عباس	سنہ ۱۰۳۸ھ
(۵۰) مثنوی قدسی	از حاجی محمد جان مشہدی قدسی	سنہ ۱۰۵۶ھ
(۵۱) مثنوی سلیم	از محمد قلی سلیم طہرانی	سنہ ۱۰۵۷ھ
(۵۲) مثنوی حاذق	از حکیم حاذق فتح پوری ابن حکیم ہمام گیلانی	المتوفی سنہ ۱۰۶۷ھ در اکبر آباد
(۵۳) ناز و نیاز	از مولانا نجاتی گیلانی	
(۵۴) مثنوی الٰہی	از میر الٰہی ابن حجت الدین سعد آبادی	سنہ ۱۰۶۴ھ

(۵۵) مثنوی ادہم	حضرت سید ابراہیم ادہم صفوی رحمۃ اللہ علیہ (آپ عہد شاہجہاں میں ہندوستان آئے تھے	سنہ ۱۰۶۰ھ
(۵۶) مثنوی غافل	از محمد تقی غافل	شاہ عباس ثانی کے زمانے میں انتقال فرمایا
(۵۷) مثنوی فدائی	از محمود بیگ فدائی طہرانی۔	
(۵۸) مثنوی غیاث	از مولانا غیاث سبزواری	
(۵۹) مظہر الانوار	از مولانا سید ہاشمی بخاری	
(۶۰) مثنوی صفا	از ملا محمد باقر نائینی	
(۶۱) مثنوی ملا صبحی	از ملا بیرم بیگ صبحی سرکانی	
(۶۲) مثنوی ملا شریف	از ملا محمد شریف اصفہانی	
(۶۳) مثنوی فائز	از مرزا علاء الدین محمد خلف میرزا رفیع شہرستانی۔	
(۶۴) مثنوی وحید	از میرزا محمد طاہر وحید قزوینی	سنہ ۱۱۰۵ھ
(۶۵) مثنوی واہی	از میر واہی قمی	سنہ ۱۱۰۶ھ تک زندہ تھے
(۶۶) مثنوی والہ ہروی	از درویش حسن والہ ہروی	
(۶۷) مثنوی سنجر	از میر محمد ہاشم خلف میر حیدر معمائی کاشی	سنہ ۱۰۲۱ھ

(۶۸) مثنوی فصیحی	از ملک الشعرا مرزا فصیحی ہروی انصاری	
(۶۹) مطلع الانوار	از میر باقر داماد اشراق	سنہ ۱۰۴۶ھ
(۷۰) مثنوی میرزا جلال	از میرزا جلال آسیر شہرستانی اصفہانی ابن مرزا مومن	سنہ ۱۰۴۹ھ
(۷۱) مثنوی یحییٰ کاشی	از میر یحییٰ کاشی شیرازی	سنہ ۱۰۶۴ھ
(۷۲) مثنوی اشرف	از ملا محمد سعید اشرف پسر ملا صالح، ماژندرانی صبیہ زادۂ ملا محمد تقی مجلسی اتالیق شہزادی زیب النسا بیگم۔	
(۷۳) نیرنگ عشق	از ملا اکرم پنجابی المتخلص بہ غنیمت	سنہ ۱۰۹۶ھ
(۷۴) مثنوی صادق	از آقا محمد صادق تفرشی	
(۷۵) مثنوی لائق	از میر محمد مراد جونپوری	
(۷۶) مطلع الانظار	از شیخ محمد علی حزیں اصفہانی	المتوفی سنہ ۱۱۸۰ھ در بنارس
(۷۷) مثنوی قاآنی	از حسان العجم مجتہد الشعرا میرزا حبیب اللہ قاآنی شیرازی۔	سنہ ۱۲۸۰ھ
(۷۸) مثنوی دود چراغ، رنگ و بو، تہنیت عید	از مرزا اسد اللہ خان غالب اکبرآبادی شاگرد مرزا عبد الصمد اصفہانی۔	سنہ ۱۲۸۵ھ

(۷۹) تاجِ سخن	ازمولوی محمد عبدالرؤف وحید	
(۸۰) مشرق الانوار	ازمولوی عبدالرحیم تمنا گورکھپوری	
(۸۱) چارۂ بیمار	ازعبدالحلیم عاصم	

نوادر المصادر میں مثنوی خفّاف، اور مثنوی ابوشعیب کا بھی ذکر ہے مگر ان مثنویوں کا حال تحقیق نہ ہو سکا ✣

اردو مثنوی کا دور یہ تو فارسی مثنویوں کا ذکر تھا۔ اب اردو میں مثنویوں کی تدوین و تالیف ملاحظہ فرمائیے :۔

اُردو میں مثنوی کہنے کا رواج سنہ ۱۰۱۸ھ میں ہو چکا تھا۔ غالبًا قطب شاہ فرمان روائے گولکنڈہ (دکن) نے سب سے پہلی مثنوی نعت میں بزبان دکنی بھاشا کہی تھی۔ اُس کے بعد مندرجہ ذیل مثنویاں تصنیف ہوئیں :۔

(۲) صیف الملوک وبدیع الجمال	از ملا غواصی دکنی	
(۳) علی نامہ	از نصرتی	سنہ ۱۰۶۳ھ
(۴) یوسف زلیخا اردو	ملا ہاشمی	

(۵) من لگن	از خواجہ بحری	سنہ ۱۱۱۲ھ
(۶) مثنوی ولی دکنی در حالات شہدائے کربلا۔	از میر شمس الدین ولی دکنی	سنہ ۱۱۴۱ھ
(۷) بوستان خیال	از سید سراج الدین اورنگ آبادی	سنہ ۱۱۶۰ھ
(۸) لال و گوہر	از عارف الدین عاجز	المتوفی سنہ ۱۱۷۸ھ
(۹) چوبیس[۲۴] مختصر مثنویاں	از مرزا رفیع سودا	
(۱۰) شعلۂ شوق دریائے عشق خواب و خیال	از میر تقی میر اکبر آبادی	
(۱۱) خواب و خیال	از میر اثر برادر خورد خواجہ میر درد	
(۱۲) اسرار محبت	از شجاع الدولہ حافظ رحمت خان روہیلہ	سنہ ۱۱۹۷ھ
(۱۳) مثنوی بے قید	از فضائل علی خان بے قید	سنہ ۱۱۹۹ھ
(۱۴) سحر البیان رموز العارفین گل ارم	از میر حسن دہلوی	

(۱۵) دریائے لطافت	از سیّد انشا لکھنوی	
(۱۶) مثنوی ریختی	از سعادت یار خاں رنگیں	
(۱۷) بحر المحبت	از شیخ غلام ہمدانی مصحفی امروہوی	
(۱۸) سوز و ساز	از طالب علی خاں عیش شاگرد مصحفی	
(۱۹) لیلےٰ مجنون (ترجمہ)	از میر تقی ہوس شاگرد مصحفی	
(۲۰) سبعہ سیّارہ (۷ مثنویاں)	از نواب اعظم الدولہ سرور دہلوی	
(۲۱) خسروان عجم	از منشی مولچند دہلوی	سنہ ۱۲۲۵ھ
(۲۲) شکایت ستم سنہ ۱۲۱۳ھ قصۂ غم سنہ ۱۲۳۵ھ قول غمین سنہ ۱۲۳۶ھ	از حکیم مومن خان دہلوی	
(۲۳) نل دمن	از راحت لکھنوی	سنہ ۱۲۴۴ھ
(۲۴) سراج	از شیخ امام بخش ناسخ لکھنوی	سنہ ۱۲۵۴ھ
(۲۵) گلزار نسیم	از پنڈت دیا شنکر نسیم لکھنوی	سنہ ۱۲۵۴ھ
(۲۶) سراپا سوز	از ملک الشعرا قاضی صادق علی خان۔ اختر	

(۲۷) صیدیہ	از میر وزیر صبا لکھنوی شاگرد آتش	۱۲۶۴ھ
(۲۸) راماین (ترجمہ)	از منشی جگناتھ خوشتر لکھنوی	۱۲۶۷ھ
(۲۹) دریائے تعشق	از نواب واجد علی شاہ۔ اختر فرماں روائے اودھ	
(۳۰) لذت عشق	از آغا حسن نظم لکھنوی	
(۳۱) مثنوی عالم	از نواب بادشاہ محل عالم ملکۂ اودھ	
(۳۲) طلسم الفت	از آفتاب الدولہ قلق لکھنوی	
(۳۳) درۃ التاج	از منشی مظفر حسین اسیر لکھنوی	
(۳۴) زہر عشق فریب عشق بہار عشق	از نواب مرزا شوق لکھنوی	
(۳۵) سحر عشق	از حکیم آغا حسن ازل لکھنوی داماد نواب مرزا شوق لکھنوی	
(۳۶) فتوح الشام (ترجمہ)	از سید عبد الرزاق کلامی رائے بریلوی	
(۳۷) مہابھارت (ترجمہ)	از منشی طوطا رام شایان	
(۳۸) نور تجلی ابر کرم	از مفتی امیر احمد امیر مینائی لکھنوی	

(۳۹) فریادداغ	از فصیح الملک نواب میرزا خان داغ دہلوی	
(۴۰) صبح تجلی چراغ کعبہ شفاعت و نجات	از حضرت مولانا سید محمد محسن محسن کاکوروی رح	
(۴۱) حجاب زنان	از سید اسمٰعیل حسین منیر شکوہ آبادی شاگرد شیخ ناسخ لکھنوی	
(۴۲) نالۂ تسلیم شام غریباں صبح خنداں	از منشی امیراللہ تسلیم لکھنوی	۱۲۷۹ھ
(۴۳) مثنوی ترانۂ شوق	از منشی احمد علی شوق لکھنوی	۱۳۰۵ھ
(۴۴) فسانۂ عجائب	از سید ولایت علی فردوس لکھنوی	
(۴۵) تصویر سخن	از مرزا عاشق حسین بزم آفندی اکبرآبادی	
(۴۶) نادرِ ہند	از علامہ شاد عظیم آبادی۔	
(۴۷) الہام منظوم (ترجمہ مثنوی مولانا روم رح)	از سیماب اکبرآبادی۔	

دونوں جدولوں پر سرسری نظر ڈالنے سے واضح ہو جاتا ہے۔ کہ فارسی مثنویوں کے مقابلے میں اردو مثنویوں کا شمار بقدر نصف ہے۔ اور اگر تراجم اس فہرست سے حذف کر دیئے جائیں تو اردو کی طبع زاد مثنویاں فارسی مثنویوں سے آدھی بھی نہیں رہتیں ٭

اب مثنوی نگاری کا رواج مِٹ چکا ہے۔ اور وقائع نگاری نثر میں زیادہ مناسب سمجھی جاتی ہے۔ بہرکیف اس صنف پر اردو میں جو چند مثنویاں لکھی جا چکی ہیں اردو شاعری کے لئے وہ ہی سرمایۂ ناز ہیں ٭

مثنوی مادرِ ہند

خان بہادر سید علی محمد شاؔد عظیم آبادی مرحوم نے یہ مثنوی اپنی آخری عمر میں کہی ہے۔ چنانچہ خود فرماتے ہیں

دھن میں تری اے کمال ہم نے ٭ کاٹے ہیں ساٹھ سال ہم نے

مثنوی اُسی بحر میں ہے جسمیں قوتِ مثنوی نگاری کا متاخرین میں مقابلہ رہا ہے۔ مثنوی مادرِ ہند ایک قسم کی سیاسی مثنوی ہے اس لئے اس میں حسن و عشق کی چاشنی نہیں ہے۔ تاہم مصنف کا کمال یہ ہے کہ اُس نے مثنوی کے کسی حصّے کو تلخ یا خشک نہیں ہونے دیا ٭

مثنوی کا پلاٹ

مثنوی کا پلاٹ یہ ہے کہ ملک ہندوستان میں مادرِ ہند ایک عفیفہ تھی۔ اُس کے دو فرزند تھے رام اور رحیم (ہندو اور مسلمان) جب تک دونوں آپس میں متحد رہے مادرِ ہند کی عظمت و رفعت اور شہرت و عزت میں اضافہ ہوتا رہا۔ آخر ان دونوں میں نفاق ہو گیا۔ نظام سلطنت میں اس نفاق سے انتشار پیدا ہوا۔ مادرِ ہند نے اپنے دونوں فرزندوں کو سمجھایا۔ مگر اُن کی سمجھ میں کچھ نہ آیا۔ آخر کچھ نو وارد تاجر ہندوستان آئے اور مادرِ ہند پر قبضہ کر لیا۔ مادرِ ہند نے اپنے فرزندوں کو نصیحت کی کہ میری اصلاح و فلاح کے لئے خدا نے اس قوم کو یہاں بھیجا ہے تم دونوں ان کی اطاعت کرنا۔ اور ان کے مشورے سے کام کرنا۔ اس کے بعد شہنشاہیت کا دور آیا۔ ۱۸۵۸ء میں شاہی فرمان جاری ہوا۔ ممالکِ ہند پر شہنشاہی تسلط ہو گیا۔ مادرِ ہند کی صورتِ حال بدل گئی۔ تیس برس دورِ حکومت کے بعد پہلی جوبلی ہوئی۔ مادرِ ہند کو بھی دربار میں بلایا گیا۔ مادرِ ہند نے اپنے فرزندوں کے لئے رعایت کی سفارش کی۔ دربارِ شاہی سے جواب ملا کہ تیرے فرزند جب حکومت کے قابل ہو جائیں گے تو اُن کا حقِ فرماں روائی اُنھیں واپس دیدیا جائیگا۔ اگر سچ پوچھئے تو حضرت شادؔ مرحوم نے ہندوستان کے ماضی و حال کا نقشہ کھینچکر ہندوستانیوں کے

دلی جذبات کی صحیح ترجمانی فرمائی ہے۔ اور اسی ضمن میں حکومت کا حق نمک بھی ادا کیا ہے۔ جو بہ صلۂ عطائے خطاب "خان بہادر" ان پر لازم آتا تھا +

مثنوی میں زبان کا درجہ

مثنوی میں صحیح، ستھری، اور صاف زبان استعمال کرنے کا مصنف نے جابجا خیال رکھا ہے اور صحیح محاورات جو فصحا کا دستور العمل تھا اس مثنوی میں صرف کئے ہیں۔ یہ چند شعر ملاحظہ فرمائیے۔ جو زبان اور محاورے کے اعتبار سے اسلوب مثنوی کا بہتر نمونہ ہیں ؎

الحق یہی سچ ہو اور غلط سب
سوتا ہے نسار جاگتا رب

بک جاتے تھے وہ بھی تنکے کی تول
پھل پھول کا جنگلوں کے کیا مول

گھر لاکھ کا خاک میں ملائے
بنیاد اماں کو بھی ہلائے
مسند لاتی تھیں شامتیں سر پر
پھر خیر کہاں جب آگیا شر

گھر کھوج مٹا دیا ہے گھر کا
ہے کام نفاق فتنہ گر کا

ایجاز و اختصار

مثنوی گلزار نسیم کی ایک بڑی خوبی یہ بھی ہے کہ اُس میں ایجاز و اختصار سے بہت کام لیا گیا ہے ؎

پتّے پھل پھول چھال لکڑی　　سب لیکے چمن سے راہ پکڑی
خالق نے دئے تھے چار فرزند　　دانا عاقل ذکی خرد مند

"مادر ہند" میں بھی اسی قسم کے ایجاز سے کام لیا گیا ہے۔ ہندستان کی تعریف میں فرماتے ہیں ؎

انگور، انار، سیب بادام　　کیلے، امرود، کھرنیاں، آم
نیلم، پکھراج، لعلِ احمر　　ہیرا مانک، عقیق، گوہر
پیتّل مونگا طلا و نقرہ　　زیبق لوہا مس اور جستہ
کیونکر نہ ہو دنگ عقلِ ناظر　　جس چیز کو ڈھونڈے وہ حاضر
انہار و بحور و چشمہ و چاہ　　از کوہ بلند تا بہ کاہ

ساقی نامے

ساقی نامہ بھی مثنوی کا ایک جزو ہے حضرت شاد عظیم آبادی مرحوم نے اپنی سیاسی مثنوی میں بھی ساقی ناموں کا انتظام کیا ہے۔ ایک ساقی نامہ کے چند شعر ملاحظہ فرمائے

ساقی قدحِ شراب لا جلد | اک آگ لگی ہے مے پلا جلد
ہیں پیاسے اب زباں میں چھالے | پر کالۂ آتشیں ہیں نالے
جلتا ہے جگر جو اس بیاں پر | شعلہ ہے سخن مری زباں پر
اس آگ کو کون شے بجھائے | ساغر کوئی دے کہ چین آئے

دوسرے ساقی نامے کے بھی بعض اشعار بہت بلند ہیں ؎

ساقی ہو فلک کی انقلاب اب | چکر میں ہے عقل دے شراب اب
آنکھوں پہ پڑے ہوئے ہیں پردے | لا جام کسی طرح تو بھر دے
اک جام میں مجھکو بے خبر کر | مے ڈھال کے قصہ مختصر کر

دربار کے حالات کس لطف کے ساتھ قلمبند کئے ہیں ؎

اک سُو وزرا کے جمگھٹے تھے | اک سو اُمرا کے جمگھٹے تھے
اک سمت سفیر صف جمائے | اک سو خدام سر جھکائے
رکھے ہوئے وید کوئی سر پر | جاری تھا زباں پہ اُسکی ہر ہر
سینے سے لگائے کوئی قرآں | گویا تھا ملک بشکل انساں
تقوے کا لباس زیب تن تھا | آئینۂ نورِ حق بدن تھا
رکھے ہوئے فرق پر عمامہ | ہم طرزِ عرب تمام جامہ

وہ عظمت و فر و شان و شوکت　　وہ فوج کے افسروں کی حشمت
وہ اطلس زرنگار کا فرش　　وہ تخت کا اوج صورتِ عرش
وہ چترِ شہی کی جگمگاہٹ　　وہ برق نگہ کی تلملاہٹ

غرض کہ اسی طرح تمام مثنوی محاکات، واقعات، واردات اور کیفیات سے لبریز ہے۔ کمالِ شاعری یہ ہے کہ مصنف نے موضوع کو کہیں خشک نہیں ہونے دیا +
آخر میں مصنفِ ممدوح نے شعرائے ہم عصر کو اردو کی خستہ حالی اور کلام کی بے قدری کی طرف بھی توجہ دلائی ہے کہ ؎

ای خدعیانِ بزمِ اشعار　　ای جوہریانِ سردِ بازار
ای رتبہ شناسِ فنِ کمالاں　　مرہم نہہ ریشِ خستہ حالاں
یہ فنِ شریف "شاعری" نام　　ہوتا ہے بخیر جس کا انجام
جاتا رہا رکھ رکھاؤ اس کا　　دنیا سے ہے چل چلاؤ اس کا
سالم ہے خُم نہ جام باقی　　میخانہ تہی، خموش ساقی
معدوم اب اسکے ہیں خریدار　　اردو کا اُجڑ رہا ہے بازار
ہیں مشتریوں کے بام و در بند　　توقیرِ کلام ہے نظر بند
بے سود صدا لگا رہے ہیں　　بے وقت کا راگ گا رہے ہیں

میرا خیال ہے کہ "مثنوی مادرِ ہند" اپنے موضوع مخصوص میں متاخرین کی مشہور مثنویوں سے کسی طرح کم نہیں ہے۔ اور اب چونکہ مثنوی نگاری کا دور ختم ہو چکا ہے۔ اور حضرت **شاد** عظیم آبادی بھی ہم سے وداع ہو چکے ہیں اس لیئے ہمیں اس مثنوی کی ہر طرح قدر و عظمت کرنی چاہیئے۔ ✣

قصر الادب آگرہ
۲۸ جون ۱۹۳۵ء

سیماب
صدیقی الوارثی اکبر آبادی
مدیر "تاج" و "شاعر" آگرہ

مثنوی

مادرِ ہند

مصنفہ

فخر الادبا ملک الشعرا خان بہادر سید علی محمد شاد عظیم آبادی

مرتبہ

معلی القاب جناب مولوی حافظ سید ظہیر احمد صاحب شمسی عظیم آبادی

باہتمام

منیجر شاد بک ڈپو۔ پٹنہ سیٹی

سنہ ۱۹۳۵ء

برقی مشین پریس مراد پور بانکی پور میں طبع ہوئی

رقم علی حسن عظیم آبادی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سرزمین ہندوستان

خدام شہی کا کہنہ ہمراز
ہے اپنے وطن کا خیر اندیش
غمخوار وطن کا اور غم اندوز
یاد آگئی اسکو اک کہانی
سوتا سنسار جاگتا رب
جو اسکے علاوہ ہے کہانی

عرشی قلم و ملک ہم آواز
یہ مخلص رازداں وفا کیش
یوں نوحہ کناں ہے اب بصد سوز
یوں کہتا ہے شاد کی زبانی
الحق یہی سچ ہے اور غلط سب
جھوٹی ہے کسی کی ہو زبانی

ہاں یہ مری داستان شیریں | ہے لائق صد ہزار تحسیں

وہ شان وہ آن بان ساری | گذری ہے نگاہ سے ہماری

خود صدق پہ اسکا استعارہ | ہر لفظ میں کرتا ہے اشارہ

یعنی کہ غلط نہیں کوئی حرف | تا وسعِ صداقتیں ہوئیں صرف

موسم ہے زبس نشاط انگیز | اب یوں لبِ خامہ ہے گہر ریز

اک ملک جو ایشیا کی ہے جاں | فردوس بریں ہو جس پہ قرباں

وہ قطعۂ ارض پاک و مشہور | ہم صورت خلد چشم بد دور

عظمت میں کنشت سے فزوں تر | خوبی میں بہشت سے فزوں تر

بتخانے حسیں وہاں کے بازار | ہر ایک دکان کانِ عطار

دیکھے اگر اس زمین کی گرد — آتشکدۂ عجم بھی ہو سرد

کب فقر کا اس جگہ تھا اندوہ — دامن میں لئے تھا زر ہر اک کوہ

ہر گوشہ زمیں کا رشکِ گلشن — جس نخل کو دیکھئے وہ چندن

خود خضر جو سینچتے تھے پانی — پہنے تھی زمیں لباس دھانی

عود و اگر و عبیر و عنبر — افراط سے ہر جگہ میسر

عیسیٰ نفسی جو تھی صبا میں — صحت تھی ملی ہوئی ہوا میں

پورب پچھم تھا معدنِ زر — دکھن اُتر سے خوشنما تر

گھیرے تھے کئی طرف سمندر — اک سمت جبال آسماں فر

اس ارض کو زر نثار کہیے — اک قلعۂ استوار کہیے

ہر کوچہ میں جا گزیں تھی نزہت ہر قطعہ میں اک نئی لطافت

ہر سنگ کو لعل پر شرف تھا الماس بصورتِ خزف تھا

ہر ذرّہ تھا آبرو میں گوہر ہم سنگ جواہرات پتھر

ہر نخل ہوا جسکا سرو پیکر طوطی بولے نہ اُس کا کیونکر

بازارِ عدن ہوا نکے رستے پانی کے عوض گہر برستے

رتبہ میں ہر ایک نخل برتر ہر شاخ کمند بامِ اخضر

مخمل کی طرح زمیں میں نرمی سردی تھی سوا نہ تیز گرمی

جو گل تھا وہ زر بکف نہادہ الوان نعم بچھائے جادہ

دنیا میں جہاں تلک ہیں پھل پات یا آب و ہوا کے اختلافات

رنگت میں مزاج میں قوا میں — کیا ظلم و جفا میں کیا وفا میں

یہ جملہ صفات غیر محدود — اس قطعۂ ارض میں تھی موجود

خوش رنگ ہے اک شجر کے اثمار — کوزوں میں لئے نبات تیار

بالفرض یہاں جو لاکے بوتے — خرما کے بھی درخت کھٹے ہوتے

انگور و انار و سیب و بادام — کیلے، امرود، کھرنیاں، آم

نیلم، پکھراج، لعل احمر — ہیرا، مانک، عقیق، گوہر

پنا، مونگا، طلا و نقرہ — زیبق، لوہا، مس اور جستہ

کیونکر نہ ہو دنگ عقل ناظر — جس چیز کو ڈھونڈیئے وہ حاضر

باغوں میں پرند ہر طرح کے — جنگل میں چرند ہر طرح کے

انہار و بحور و چشمہ و چاہ
از کوہ بلند تا پرِ کاہ

ہر شے کو بیاں کروں میں کیونکر
گر نام لکھوں کئی ہوں دفتر

حق جو ہو کبھی وہاں نہ دل تنگ
تیرتھ کی جگہ زِ گنگ تا سنگ

[illegible]

جنابِ عالیہ متعالیہ عصمت مآب مادرِ ہند

اک محتشمہ وہاں کی ساکن
اس مادرِ دہر کی تھی ہمسن

دیکھے ہوئے سیکڑوں زمانے
دنیا کے پڑھے ہوئے فسانے

خورشید فلک کی تھی وہ ہم عمر
تھے اہل زمیں اس سے کم عمر

آدم سے ملی تھی وہ خوش اوقات
قائم حوا سے تھی مدارات

یہ دخت مشیئت الٰہی
یہ خاص کنیز بارگاہی

ہم رتبۂ نوح اک یہی تھی — طوفاں سے زندہ بچ رہی تھی

ہم خوابۂ پیر آسمان تھی — اس پر بھی قوی تن و جواں تھی

پہنچی تھی جو دور دور شہرت — پھیلی تھی جہان میں اسکی عظمت

ذی جاہ و خجستہ کام تھی وہ — عالم میں بلند نام تھی وہ

دولت کے وفور میں تھی مشہور — خلق و کرم و عطا سے معمور

مشہور تھا فیض عام اُس کا — تھا مادرِ ہند نام اُس کا

آتے تھے جب اُسکے گھر میں مہمان — کرتی تھی وہ سطرح کے احسان

ذی شوکت و مالدار کرتی — نواب فلک وقار کرتی

کرتا تھا گدا وہاں امیری — عنقا تھی فلاکت و فقیری

شاہوں سے زیادہ اس کا درجہ — جتنے راجہ تھے اُسکے پرجا

آتا جو کوئی تو مال دیتی — طالب کو بحسب حال دیتی

ایسا ہی سلوک کچھ کیا تھا — مہمانوں نے گھر بنا لیا تھا

ہوتا تھا بسر عجب زمانہ — ہر طرح گھر اُس کا عیش خانہ

حشمت تھی کنیز خاص اُسکی — ثروت ادنی خواص اُسکی

ہر سمت تھا مال و زر کا انبار — دربار تھا یا سحاب دُربار

ہر گوشہ ملک سبز و شاداب — راجہ تھا کوئی تو کوئی نواب

غفلت میں بھی سب کا تھا یہ عالم — سوئے ہوئے شیر سے نہ تھے کم

دم بھر کو اگر وہ جاگ جاتے — ضیغم بھی ڈپٹ سے بھاگ جاتے

اُس مُلک کا مال یا کہ ہو زر
جاتا نہ کہیں وہاں سے باہر

ہر جنس کے دام بے تگ و دو
دَس دَس کی جگہ پہ ملتے سَو سَو

کالے کوسوں سے آکے تجّارُ
اجناس خریدتے تھے ہر بار

اُس مُلک کو سادہ لوح پاکے
آتے تھے جتھے بنا بنا کے

تا منزلت و وقار پائیں
رفتہ رفتہ اثر بڑھائیں

پھل پھول کا جنگلوں کے مول
بِک جاتے تھے وہ بھی سونے کی تول

مادرِ ہند کے دو لاڈلے فرزند

اس محتشم کے دو پسر تھے
دونوں سے قوی دل و جگر تھے

دانا و ذکی و خوش بیاں تھے
ہر طرح سے فخر خانداں تھے

اک لخت جگر کا رام تھا نام — خوشخو تھا بہت وہ نیک انجام

دلبند دوم جو نامور تھا — نام اس کا رحیم مشتہر تھا

ہر طرح سے دونوں من چلے تھے — گہوارۂ ناز میں پلے تھے

ہر شخص فریفتہ تھا ان کا — جو دل تھا وہ شیفتہ تھا اُنکا

کہتا تھا یہ دیکھ کر زمانہ — دونوں سے ہے گھر نگارخانہ

دونوں ہی ہیں نیکیوں میں مشہور — منہار ہیں دونوں چشم بد دور

اقبال کے ہیں سب اُنہیں آثار — کیونکر نہوں مانکے گھر کے مختار

خورشید سپہر سروری ہیں — اورنگ نشین برتری ہیں

کیا کیا نہ دلوں میں ولولے ہیں — کیونکر نہ ہو ماں کے لاڈلے ہیں

وہ مادرِ خیر جو نیکو نام — دونوں ہی سے لیتی گھر کے سب کام

کام اُن کا تھا معدلت شعاری — اک فیض تھا چار سمت جاری

پاتا تھا یہاں مرادِ ہر شخص — تھا فرطِ طرب سے شاد ہر شخص

تھا دفترِ ملکِ رام کے ہاتھ — سب کام تھے انتظام کے ساتھ

دونوں ہی کی نبض جاگتی تھی — دونوں ہی رعایا ہی بھاگتے تھے

تھا رام و رحیم میں زبس حب — معدوم تھا مذہبی تعصب

یہ اُن پہ تو اِس پہ وہ فدا تھا — ایک ایک پہ دل سے مبتلا تھا

بھتا و تھا یہ برادرانہ — ہر کام تھا انکا مخلصانہ

ازبسکہ دلوں میں تھی صفائی — دستار بدل تھے دونوں بھائی

رام اُس کو پکارتا یہ کہہ کر	بھائی نوّاب "ظلّ گستر"
تھا بسکہ رحیم دل سے شیدا	راجہ بھائی لقب دیا تھا
گر دل میں ذرا غبار آتا	بو اُس کی اگر غنیم پاتا
چڑھ آتا تھا لیکے اپنا لشکر	تا چھین لیں اُس سے مال اور زر
کر لیتے تھے جلد تر صفائی	ہو جاتے تھے ایک دونوں بھائی
یہ سُن کے غنیم بھاگ جاتا	بھولے سے بھی اسطرف نہ آتا
اسطرح سے مال کی نیابت	بڑھتا رہا ملک و مال و دولت

ان دونوں فرزندونکا آپسمیں نفاق اور نظم مملکت سے غفلت

لیکن افسوس کچھ دنوں بعد	بگڑا دونونکا طالع سعد

عیش آ کے ہوا شریک صحبت
جاتے رہے دل سے عدل و انصاف
پیدا ہوئی دل میں اسقدر کد
آزادی و مطلق العنانی
بڑھنے لگی نابجو کی غفلت

ہستی تھی سبا جلیس غفلت
جس چیز کو دیکھو اسمیں اسراف
ذاتوں کے بچار کی نہ تھی حد
اس دور میں ہو گئی کہانی
پھر کیوں نہ تباہ ہو رعیت

نعرۂ مستانہ و خطاب بہ ساقی فرزانہ

ساقی قدح شراب لا جلد
ہیں پیاس سے اب زباں میں چھالے
جلتا ہے جگر جو اس بلا پر

اک آگ لگی ہے مے پلا جلد
پرکالۂ آتشیں ہیں نالے
شعلہ ہے سخن میری زباں پر

اٹھتا ہے دھواں جو اپنے سر سے — اوجھل ہی جہاں ہی نظر سے
ہو جائے کباب دل جو بھن کر — ہوں قطرۂ اشک کیوں نہ اخگر
اس آگ کو کون شے بجھائے — ساغر کوئی دے کہ چین آئے
غفلت سی جو ہر طرف عیاں ہے — جیسے مرے سامنے اک جہاں ہے
پتھر جو پڑیں سمجھ کے اوپر — تدبیر سے کام نکلے کیونکر
جب ہوش نے کر لیا کنارہ — کیا ہو سکے آدمی سے چارہ
جس وقت نفاق ہو در انداز — سازش سے بھلا ہو کسطرح نسا
بھائی ہو سگا تو ہے وہ دشمن — اس راہ میں خضر خود ہی رہزن
ہوں جبکہ جلیس فتنہ پرداز — آپ اپنی زبان ہو دشمن راز

اقبال کا ہو جو ادبار ❊ تقدیر کی ہے چشم خونبار

القصہ نہ رہ خموش ساقی — لا دشمن ہوش گوش ساقی

مینا مرے ہونٹ سے لگا دے — ہے کون جو بخت کو جگا دے

اے کلک دکھلے مجھے روانی — درکار ہے داد خوش بیانی

جو حرف لکھوں وہ ہو جنوں خیز — جو لفظ کہوں وہ عبرت انگیز

ہر بات تری ہے تیر دل دوز — لکھ اے قلم اک غزل بصد سوز

غزل

آئی ہے بلائے آسمانی — بس طول حیات مہربانی

اے روح ایک دکھ میں خوش ہو — پائندہ ہے تیری زندگانی

سوتا سنسار جاگتا حق — سچی تھی اسی قدر کہانی

اب ایک کا بھی پتا نہیں ہے
چھوڑی تو بہت سی تھی نشانی

کتنے کئے گھر تباہ تو نے
اے خانہ خراب بدگمانی

اے صبر ترا ہے بس سہارا
کب تک سہوں جور آسمانی

مل جا کہ بس آخیر ہے عمر
اے لطف فزائے زندگانی

شعر ایسے سناؤ شاد جن سے
کھل جائے حقیقت معانی

رجوع بہ بیان حال ہر دو فرزندان نامی

پہنچا ہے کہاں قلم کہاں سے
اب عطف عناں و یہاں سے

ہاں پھر مری داستان سنیئے
جانکاہ ہے یہ بیان سنیئے

وہ مصدر معدلت پناہی — کرتے رہے مل کے بادشاہی

پر اب جو نفاق دل میں آیا — چُن چُن کے بلائیں سر پہ لایا

دل دونوں کے ہو گئے دگرگوں — دونوں کا سفید ہو گیا خوں

یہ جہل کہ دشمن وفا ہے — مشہور جہان ہے بد بلا ہے

ہے اس سے قوی نفاق کی جڑ — کٹ جاتی ہے اتفاق کی جڑ

بنیاد اماں کو بھی ہلا دے — گھر لاکھ کا خاک میں ملا دے

دونوں ہوئے علم وفن سے بیزار — دونوں ہوئے جہل میں گرفتار

جب علم وعمل کا ساتھ چھوٹا — گھر بغض وحسد نے آ کے لوٹا

برباد ہوا وہ کارخانہ — خالی کیا عیش میں خزانہ

ایک ایک کی چاہتا تھا خواری — کرتا تھا عدو کی پاسداری

ایک ایک پہ چاہتا تفوّق — بدخواہ سے کرتا تھا تملق

دونوں میں بڑھی جو سخت تکرار — حاسد ہوئے آ کے گھر کی مختار

آپس کی جنگ تھی بہت سخت — جاتی رہی شان و شوکت تخت

ان دو میں کوئی نہ تھا شکیبا — لڑنے کو سمجھ رہے تھے زیبا

یہ دونوں تھے ایک ماں کی اولاد — کرنے لگے لڑ کے گھر کو برباد

پھر خیر کہاں جب آگیا شر — منڈلاتی تھیں شامتیں سروں پر

مجسمۂ مادرِ ہند کا دونوں فرزندوں کو سمجھانا

وہ مصدرِ معدنِ نکوئی — وہ منبعِ خیر و صلح جوئی

وہ ہادی شاہ راہ توفیق
وہ سُرمہ کش نگاہ توفیق

وہ چارہ گر شکستہ حالان
وہ بانوئے دلفگار نالان

سوچی کہ رہوں خموش گر میں
کھو بیٹھوں گی آپ اپنا گھر میں

دونوں بیٹوں کو تب بلایا
شفقت سے ملی، گلے لگایا

اُلفت سے ہر ایک پہ نظر کی
کس جوش سے لیں بلائیں سر کی

پھر گرم سخن ہوئی وہ اُس طرح
ہے ہے مجھے نیند آئے کس طرح

سُنتی ہوں کہ بھائیو تمہیں ہے سو
پھیلی ہوئی یہ خبر ہے ہر سو

درانیوں نے کیا تھا جال
نادر نے دبا لیا زر و مال

لوٹیں تمہیں آ کے چند وحشی
جہال و جفا پسند وحشی

بایں ہمہ جاہ و لشکر و زر — سر ڈال دیئے ہیں تمنے یکسر

کمبخت نفاق رنگ لایا — آخر کو یہ دن تمہیں دکھایا

اس پر بھی نہ تم کو ہوش آیا — آپس میں لڑے یہ جوش آیا

قسمت کا پلٹ گیا ہے پاسا — ایک ایک کے خون کا ہے پیاسا

اپنی ہی خبر تمہیں نہ گھر کی — لٹتی ہی کمائی عمر بھر کی

کھک کر دیا دونوں نے خزانہ — سب مٹ گیا میرا کارخانہ

اغیار کی قید میں مرو گے — ہو بے زر و مال کیا کرو گے

آپس ہی میں لڑ کے زور کھوئے — بیٹیو کس طرح ماں نہ روئے

سنتی ہوں بڑی ہے تمپہ مشکل — درپیش ہے آج سخت منزل

مادر نے دیا تھا جو زر و مال
ہو سب کو لٹا کے آج کنگال

عزت ہی نہ زر رہا پاس
رہ رہ کے یہ آ رہے ہیں وسواس

ایک جو عدو کرے چڑھائی
اس وقت جو آپ نے لڑائی

اس کی بھی تمہیں خبر نہیں ہے
خالی ہے خزانہ، زر نہیں ہے

تھے چند بچے بچائے زیور
پہننے نہ دیا مرے بدن پر

اس فکر میں حال ہے مرا غیر
آتی نہیں اب نظر مری خیر

اچھے رہے تم تو دونوں لڑ کر
اب آن بنی ہے میرے دم پر

اس گھر کے بگڑ گئے سب آثار
اس کوفت سے گر گئی میں بیمار

جب تم نہ ہوئے مرے ہوا خواہ
پھر کون مرا شفیق ہے آہ

عالم ہی نیا ہے اپنے تن پر — اب پڑ گئیں جھرّیاں بدن پر

کاہیدہ کیا الم نے مجکو — مارا اسی درد و غم نے مجکو

جب نورِ نظر ہوا اپنا دشمن — آنکھیں میری خاک پھر ہوں روشن

تاریک نگاہ میں جہاں ہے — دن رات لبوں پہ اب فغاں ہے

ماں صدقے، دلوں میں کیا سمائی — کی بھائی نے بھائی سے برائی

ہولوں سے ضعیف و مضمحل ہے — پتھر نہیں ہے تو ماں کا دل ہے

تم دونوں کی خصلتیں الگ ہیں — ہر ایک کی نیّتیں الگ ہیں

دونوں کے ملاپ ہوں تو کیونکر — شیشہ جو ہے ایک ایک پتھر

دشوار ہے دونوں میں صفائی — بھائی سے ہے بدگمان بھائی

مجھ ماں کا تو کچھ کر دُھکانا ۔ پیری کا اب آگیا زمانا

تصویرِ الم ہوں سے تا پا ۔ کس در پہ میں کاٹونگی بڑھاپا

لیجائیگا کس کے گھر مقدر ۔ گذرے گی اخیر عمر کیونکر

تنکا نہیں مجکو اب میسّر ۔ بستر نہ رہا مرے بدن پر

آئی ہے غضب کی اب تباہی ۔ دونوں نے خرابی میری چاہی

سیکھے کوئی تمسے مکر او رفن ۔ مجھ ماں کے ہوئے ہو دونوں دشمن

جس ماں نے پلا کے دودھ پالا ۔ آغوش میں جسکی پر نکالا

جس ماں نے کئی بھلے برے دن ۔ جو ماں کہ ہوا سطرح کی محسن

جس ماں نے کبھی نہ کچھ کیا چین ۔ بیچین رہی تمہیں دیا چین

راحت کسی طرح آئے تم کو — سینے سے رہی لگائے تمکو

رکھا تمہیں ہر گھڑی نظر میں — دی تمکو جگہ دل و جگر میں

اس ماں کا خیال تک نہ آیا — بیٹو! مجھے دل سے یوں بھلایا

پیارو! مری آس توڑ بیٹھے — بوڑھی ہوئی ماں تو چھوڑ بیٹھے

دم اپنا لبوں پہ آ رہا ہے — سمجھے کہ اب اس میں کیا رہا ہے

مانا کہ نہیں مرا ٹھکانا — سچ ہے کہ اخیر ہے زمانا

گر مر گئی غم کی یہ ستائی — تب روؤ گے ملکے دونو بھائی

ماں صدقے! ہے ماں کا دم غنیمت — مٹ جائیگی ایک دن یہ صورت

ڈھونڈو گے تو پھر نہ پاؤ گے تم — بیکار بھی خاک اڑاؤ گے تم

اب بھی تو خبر لو سلطنت کی | صورت نہ مٹاؤ مملکت کی

آپس میں نہ اب ملال رکھو | مجھ ماں کا تو کچھ خیال رکھو

سچ ہے اسی واسطے ہے اولاد | یہ پھولے پھلے ماں کا گھر ہو آباد

یا دل جلی ماں کی آس توڑے | اور گھر کو تباہ کر کے چھوڑے

بدلوگے نہ تم جو اپنے یہ طور | تاجر کئی میرے دوست ہیں اور

بیشک ہیں انہیں کا دم بھرینگی | اب ملک سپرد انہیں کرونگی

اولاد کسے نہیں ہے پیاری | لیکن نہ سنوگے جب ہماری

گر یہ نہ کروں تو کیا کروں میں | بے موت کے کیا یونہی مروں میں

آنکھیں کہیں اور دل کہیں ادھر | دیکھو نہیں بھاتے مجکو یہ طور

میں کب سے کھپاتی ہوں سر اپنا — پایا نہ جواب تک پر اپنا

کیا تھی یہی سلطنت کی حالت — کیا تھی یہی غفلت و کہالت

ہے کام نفاق فتنہ گر کا — گھر کھوج مٹا دیا ہے گھر کا

حیران ہوں کہ تم نے کیا کیا یہ — آپس میں لڑے برا کیا یہ

لڑ کر زر و ملک و مال کھویا — عزت کھوئی کمال کھویا

جانیں بھی عبث گنوائیں افسوس — سب آپ کیا ہمارا کیا دوش

ادبار کے سر لگاؤ گے اب — تقدیر کی پیچ بتاؤ گے اب

ہے بخت خلاف میں نے مانا — اس گھر کا بگڑ گیا زمانا

یہ بات تو جب کہو کہ تدبیر — کرنے کو تو کی یہ ہائے تقدیر

تدبیر نفاق کا نہیں نام
تقدیر کو مفت دو نہ الزام
بیٹے نہ ہوئے خبر سر مو
غیروں کے مگر بھر آئے آنسو
جب سُن چکے سب کلام مادر
چپ ہو گئے دونوں طیش کھا کر

خطاب شاعرانہ ساقی میخانہ

ساقی ہے فلک کو انقلاب
چکر میں ہے عقل دے شراب
آنکھوں پہ پڑے ہوئے ہیں پردے
لا جام کسی طرح تو بھر دے
میخانے پہ آتی ہے خرابی
کیونکر نہ ہو خشک ہوں گلابی
مے دے کہ ہے سخت دلکو جنجال
دنیا کا ہو کچھ سے کچھ نہ احوال
اک جام میں مجکو بے خبر
مے ڈھال کے قصہ مختصر کر

بے دُردِ زلال ہے یہی مے | مشرب میں حلال ہے یہی مے

پھر ہوش نہ آئے اب جو بہکوں | بلبل کیطرح سے خوب چہکوں

دل شیفتہ ہوں ایاغ مے کا | پروانہ ہوں چراغ مے کا

ساقی مری عرض سُن میں قرباں | دلمیں یہی رہ گیا ہے ارماں

مرنا ہے ضرور اگر مروں میں | اسوقت بھی دم ترا بھروں میں

جس وقت ہو روح تن سے باہر | ٹھہرے درِ میکدہ پہ جا کر

یہ جسم ہو میکدے کی تب خاک | تا خاک مری ہو طیب و پاک

کچھ کام تو آئے میری مٹی | برباد نہ جائے میری مٹی

ہوں پیر مغاں کا بندۂ خاص | اے کاش قبول ہو یہ اخلاص

مرنے کا یہ مرحلہ جو طے ہو
ساقی ہو، مغاں ہو، بزم مے ہو

آ یئے کسی طرح روز موعود
انشاء اللہ صاحب الجود

فرزندوں کی غفلت اور جناب عالیہ دربندی کی افسوسناک حالت

ہے بسکہ قلم کو جوش حیرت
لکھتا ہے یہ داستان عبرت

وہ پیرو عجوز نیک افعال
خاتون عقیلہ کہن سال

بیٹوں کو خجل ہوئی بلا کر
اُٹھے بیٹے اُسے رلا کر

اک کھیل نصیحتوں کو جانا
سمجھانے کو ماں نے کچھ نہ مانا

چھاتی جو بھر آئی غل مچا کر
منہ ڈھانک کے خوب روئی مادر

غم میں یہ بھی مبتلا رہا کی
بیٹوں نے مگر نہ اعتنا کی

جو بات کہ تھی خلافِ ماں کے
تھی بلکہ خلاف اک جہاں کی

خوش تھے اُسی بات سے ہمیشہ
دونوں کا ہوا اتفاق پیشہ

نوکر ہوئے مالکوں سے بدظن
آقا ہوئے خادموں کے دشمن

دو دوست کہ ظاہراً تھے وہ نیک
باطن میں عدو تھا ایک کا ایک

جس شخص میں کچھ نہ تھی لیاقت
اپنی ہی وہ چاہتا تھا رفعت

تقدیر جو اپنی چال چوکی
ہر سو تھی طوائف الملوکی

چوپال میں اپنی ہر زمیندار
کرنے لگا نائبوں سے تکرار

ادنیٰ سا جو گڑھ کا چودھری تھا
مخمور شراب خودسری تھا

لُٹنے لگے راہ میں مسافر
تھا کوئی نہ ملک بھر میں جابر

کیونکر نہ ہو خدمتوں سے اکراہ — جب فوج کی چڑھ گئی ہو تنخواہ

ہتھیار تھے کام کے نہ زردی — کیا خاک دکھائے فوج مردی

لشکر کی بہیر بے قواعد — اسباب ضرورتوں سے زاید

قانون رہا نہ کوئی آئین — بے قید تھے ہر طرح وہ خودبیں

بندوقوں کو مورچوں نے کھایا — توپوں کو زمین نے کھایا

وہ زال جو دیکھتی تھی یہ حال — تھا کوفت سے اسکا غیر احوال

تھی بے خور و خواب روز و شب وہ — رہنے لگی غم سے جاں بلب وہ

بستر سے جو اٹھتی تھی وہ غمکش — آجاتا تھا فرط ضعف سے غش

بے آب تھی بے طعام تھی وہ — گویا کہ برائے نام تھی وہ

تھی کفش نہ پاؤں پائتابہ — بے مقنعہ و چادر و عصابہ

ٹوٹا تھا خیال کا جو ساکھا — دبلاپے سے ایک پیٹ پاکھا

سوجے ہوئے پاؤں زرد رخسار — جھکتی تھی غنودگی سے ہر بار

بیٹوں کے تباہ ہونیکا ذکر — بہوؤں پہ تو تھی ہر گھڑی فکر

اپنی حالت کا ہر گھڑی غم — بربادی مملکت کا ماتم

بیٹوں کا غضب کا یہ تساہل — سستی، نخوت، جفا، تغافل

کتنوں کا وہ خون میں نہانا — ناحق کتنوں کا مارا جانا

بیساختہ سر جھکا کے رو دی — کچھ سوچ کے غل مچا کے رو دی

اس کا جو ہمیشہ یہ عمل تھا — بیٹوں سے نشاط میں خلل تھا

ہونے لگا جب حرام یوں عیش
آیا بیٹوں کو اور بھی طیش

حرمت کا نہ مانکی دھیان لائے
رستہ میں اُٹھا کے پھینک آئے

اُس مردہ صفت کو پا کے بیکس
منڈلانے لگے ہوا پہ کرگس

کوّے لگے کائیں کائیں کرنے
اُس لاش پہ گدھ لگے اُترنے

کُتّے کئی تاک میں کھڑے تھے
دو چار شغال آپڑے تھے

اک اُن میں تھا بیوفا پر از زرق
ایسے پہ گرے نہ کسطرح برق

جو پالے اسیکو مار چھوڑے
جس ظرف میں کھائے اُسکو توڑے

کب راز سے ہے یہ امر خالی
رکھتی نہیں بات ہونیوالی

تاجر کئی اہل علم و باہوش
تھا الفت قوم کا نہیں جوش

تھے قوم و وطن پہ اپنے عاشق
تقدیر بھی اُنکے تھی موافق

اُلفت میں وطن کی دم گنوائیں
تیور پہ وہ تو بھی بل نہ لائیں

تھے قوم و وطن پہ بسکہ قربان
آئے تھے اُسکے دھن میں ارماں

شاید مری قوم بہرہ ور ہو
شاید کہ نصیب مال و زر ہو

اس درجہ تھی ہمت اُنکی عالی
بن جاتے تھے بیکسوں کے والی

تھا ڈاکٹر ایک انمیں خوش ذات
لاکھوں ہی پہ جسنے ماردی لات

قبضہ میں خزانہ آرہا تھا
انعام علاج پا رہا تھا

خود مطلبیوں سے بسکہ تھا عار
لینے سے کیا غرضکہ انکار

قوم اُسکی کرے نہ کیوں مباہات
بڑھوا لئے اُس کے اختیارات

الحق یہ عطیہ خدا ہے — یہ نفس کشی نہیں تو کیا ہے
القصہ وہ تاجران خوشحال — پڑھتی تھی وظیفہ جبکہ وہ ال
تھے دل سے عجوز کے ہوا خواہ — گذرے اسی راستے سے ناگاہ

توارد تاجرونکی جماعت کا آنا اور مادر ہند کو اپنے خیمہ میں لانا

دیکھا کہ پڑی ہے ایک میت — اعضا ہیں تمام اسکے ساکت
چلتی پائی جو سانس کم کم — سمجھے کہ ابھی کچھ اسمیں ہے دم
چہرے سے چھڑائی جسگھڑی خاک — پہچان گئے وہ اہل ادراک
پایا جو انہوں نے سخت مضطر — رحم آگیا اس کی بے کسی پر
پوچھا کہ پڑی یہ کیا تباہی — برہم ہوئے کیوں آسائش شاہی

بیٹوں نے تمہارا سانہ چھوڑا — کیا وجہ ہوئی جو منہ کو موڑا

کیوں خاک میں مل گیا وہ ساماں — کیا ہو گئی اب وہ شوکت و شاں

کچھ یاد ہے اے ضعیف و مضطر — آتے تھے ہم اتفاقیہ گر

بیٹوں کو تمہارے ہم سے تھا شک — جانے نہیں دیتے آستاں تک

کر بات کی تھی مجال ہم کو — دشوار تھی عرض حال ہم کو

کچھ یاد ہے تم کو وہ زمانہ — تھا ہم کو محال گھر بنانا

تم نے کئی پرگنے دیئے تھے — ہو پرورش اپنی اسلیئے تھے

بیٹوں نے مگر نہ دی اجازت — ہم چھین کے لیں نہ تھی یہ طاقت

انساں کا ہے دردمند احساں — ہم رہنے نہ دینگے یوں پریشاں

بیٹے ہیں تمہارے اپنے بھائی
کر لیں گے وہاں بھی ہم رسائی

سمجھائینگے پہلے تا بہ مقدور
لڑنے میں بھی ہم نہیں ہیں مجبور

پوچھیں تو ہم ان سے حال کیا ہے
ہو ماں کے عدو خیال کیا ہے

ہر طرح کی جان کو خلش ہے
بیشک یہ مقام سرزنش ہے

بیٹے جنہیں پیٹ سے نکالا
خوں اپنا پلا جن سے پالا

وہ ماں سے اٹھائیں اسطرح ہاتھ
پیری میں تمہارا چھوڑیں ساتھ

کیونکر دیکھوں تمہارے نالے
خیر اب بھی کریں مرے حوالے

ہر طرح کی ہم کرینگے خدمت
ہو کاش نصیب سے سعادت

جو کہتے ہیں اسکو دل سے مانو
فرزند کے مثل ہم کو جانو

ہم مل کے کریں دوا تمہاری | تیار کریں غذا تمہاری

ہے ڈاکٹر ایک ہم میں حاذق | وہ خود بھی علاج کا ہے شائق

اُمید ہے کہ اس کی تدبیر | نافع ہو بہت کچھ! آگے تقدیر

کچھ راست تھا کچھ زمانہ سازی | کچھ ناز تھا کچھ تھی بے نیازی

ہوتی تھی جو یہ سخن نوردی | بٹیوں کو خبر کسی نے کر دی

کچھ لوگ کہ صورتاً تھے نیک | لسّان بہت تھا ان میں ہر ایک

کھلتی نہیں بات کچھ بیاں سے | سرگوشیاں تھیں تمہاری ماں سے

سن کر اُسے تلملائے دونوں | جھلا کے قریب آئے دونوں

ہونے لگا جنگ کہ یہ جھمیلا | لوگوں نے لگایا آکے میلا

دیکھا جو معاونوں نے یہ حال | سوچے یہ معاملہ ہے جنجال
شیریں سخنی سے دل بڑھایا | بگڑے ہوؤں کو غرض منایا
کی طفل مزاجوں سے صفائی | دی بچوں کے ہاتھ میں مٹھائی
چپ ہو گیا جب رحیم ناکام | ناچار ہوا خموش تب رام
پچھتا کے غرض ملے وہ دونوں | سمجھایا معاونوں نے پھر یوں
ہم بھی تو تمہارے ہیں برادر | مانو تو ہیں دیو ورنہ پتھر
ہم کو ہے تمہاری ماں سے الفت | منظور ہے جان و دل سے خدمت
کہتے ہیں ملک و مال لینگے | یا گھر سے تمہیں نکال دینگے
بیکار بھی کر رہے ہو قصہ | خدمت میں ہمارا بھی ہے حصہ

کچھ اور نہیں ہے کام ہمکو | منظور ہے انتظام ہمکو
قائم رکھے جناب باری | تم بیٹے ہوئے ہیں ماں تمہاری
بیمار ہیں کیا یہ بات کم ہے | ہمکو تو غنیمت ان کا دم ہے
اچھا نہ ہو جسمیں تمکو رحمت | مل جل کے کریں ہم انکی خدمت
القصہ ہوئے کچھ ایسے اقرار | کی پھر نہ ذرا کسی نے تکرار
تھی رام و رحیم کی جو اولاد | بعض اُن میں کیا تلے تھی مہر امداد
تھے بسکہ قوی و نیک انجام | دے لیکے انہیں کو بھی لیا رام

جناب عالیہ مادر گرامی کا اپنے عاقل فرزندوں کو نیک کام رخصت سمجھانا

بولی وہ عجوز نیک افعال | کیا تم سے بتاؤں انکا احوال

مجھ ماں کے یہ دو تو ہنسی پسر ہیں
تم لوگ تو خود ہو با مروت
بے انکے کروگے گر کوئی کام
تم لوگ ہنکے دھنگ اٹھائینگے یہ
بیٹوں کا یہ سُن کے دل بھر آیا
ہونے لگے جبکہ ماں سے رخصت
اک ہوک اٹھی غضب جگر سے
آہستہ کہا کہ جانِ مادر
پہلے نہ سُنا ہمارا کہنا

دل بند ہیں پارۂ جگر ہیں
اِن کو بھی رکھو شریک خدمت
ہوگا نہ درست اس کا انجام
رستے پہ خود آتے جائینگے یہ
یوں روے کہ ماں کو بھی رُلایا
آخر ماں تھی جو آئی اُلفت
یوں روئی کہ جیسے ابر برسے
تم چھٹتے ہو کیا کروں مقدر
ہم پر نہیں کچھ تمہارا لہنا

سب آپ کیا، ہمارا کیا دوش — بیکار ہے رنج، ناحق افسوس

یہ بھائی جو ہیں لئیق بھی ہیں — ذی ہوش بھی ہیں شفیق بھی ہیں

دیتی ہوں اب اختیار اِن کو — سمجھایا ہے بار بار ان کو

ہر بات میں یہ کرینگے یاری — تم سب ہو امانتیں ہماری

الفت عجب اِک بلا ہے پیارو — ماں ہی کی تو مامتا ہے پیارو

رکھو ہمیں یاد یا بھلاؤ — پوتوں پھلو، دودھوں تم نہاؤ

دل کھول کے سن لو میرا کہنا — تم دونوں محبتوں سے رہنا

ماں صدقے! اب اُٹھ گئی امیری — آئی ہے تمہارے گھر فقیری

مل جل کے تم اب نباہ دینا — غصے کو نہ دل میں راہ دینا

رکھنا نہ نفاق یہ رہے یاد
ہو جاؤ گے ورنہ دونوں برباد

میں صدقے گئی "بڑھائیو ربط
غیظ آئے تو دونوں کیجیو ضبط

تم خود ہو رحیم صاحب عقل
بچپن کی میں بھولتی نہیں نقل

بچپن کے یہ ڈھنگ تھے تمہارے
ممتاز تھے ہمسنوں میں پیارے

اُستاد نے جو سبق دیا تھا
تم نے اُسے یاد کر لیا تھا

پھر یاد کرو تم اس سبق کو
دل سے نہ بھلاؤ امر حق کو

جس گھر میں نفاق کا گذر ہو
ہر بات پہ بے سبب بھی شر ہو

دل میں رہے کب صداقت و حب
بڑھتا ہے خود بخود تعصب

واری! کہے اگر تم کڑی بات
اسکی نہ ملے اُسے مکافات

اے رام! وفا ہے اصل دولت | کرنا نہ رحیم سے عداوت

جس طرح ہو اس سے ربط کرنا | کچھ سخت کہے تو ضبط کرنا

ڈرتی ہوں کہ تم اگر لڑو گے | کمزور ہو دشنوں گر پڑو گے

مٹ جاؤ گے رنج اگر بڑھیگا | شر کرنے سے اور شر بڑھیگا

ہے دونوں دلوں میں بغض جبتک | ممکن نہیں بہتری ہی خیر تبتک

تم دونوں کو افسری کی ہی فکر | ایک ایک کو برتری کی ہی فکر

اسوقت اگر میں ڈھیل دیدوں | بہنے لگے ہر طرف شط خوں

جبتک نہ ہو کوئی صلح انداز | تم جنگ سے رُکسکو گے کب باز

جبتک نہ بنے مزاج یکرنگ | ایک ایک سے ہوگا طرح تنگ

جس طرح بنے خودی مٹاؤ — دل سے من و تو کو اب بھلاؤ

میں صدقہ گئی وہ دن گئے اب — آپس میں لڑائی ہوتی تھی جب

تم دونوں میں ایک سے نہ ڈرتی — میں بیچ میں آکے صلح کرتی

اور اب تو ہے انکے ہاتھ چارا — گھر جن کو دیا ہے میں نے سارا

اب انکی طرف رجوع کرنا — عاقل ہو تو دم انہی کا بھرنا

ممکن ہے کہ یہ خبر نہ لینگے — جو ان سے طلب کروگے دینگے

دیکھیں گے اگر کوئی ضرورت — خود دینگے تمہیں بقدر حاجت

غصہ کی بھلا ہے اسمیں کیا بات — کرتی نہ یہ میں تو بڑھتے آفات

سچ ہے جو نہ ان سے راہ ہوتی — ہر طرح سے میں تباہ ہوتی

دنیا میں رواج ہے اسیکا — حصہ نہیں ملک میں کسیکا
جو ہوتے ہیں بردبار و عاقل — ہوتا ہے انہیں کو ملک حاصل
ہاں بسکہ یہ عاقل و دلاور — ملک ان کو دیا ہے کچھ سمجھکر
خود آکے جو کوئی چھین لیتا — اور فرض کرو کہ کچھ نہ دیتا
مرنے کے سوا تھا کون چارا — کس کا ہے زمین پر اجارا
ایسے میں بھی تھی عقلمندی — سو جو تو یہی تھی حق پسندی
تم نے تو مجھے گنوا دیا تھا — مٹی کے تلے دبا دیا تھا
کتے مجھے نوچ ڈالتے گر — تھا دوست کوئی مرا نہ یاور
بالفرض جو ڈھونڈھنے کو آتے — تم خاک بھی پھر مری نہ پاتے

ذی ہوش بہت ہے یہ معائن — اللہ کرے ہوں مرے ہمسن

پہلے مجھے خاک سے اُٹھایا — چہرے سے غبار کو ہٹایا

ازبسکہ مزاج ہے شناسا — بیمار تھی میں" دیا دلاسا

ہو مجکو نہ ان کی قدر کیونکر — زانو پہ اُٹھا کے رکھ لیا سر

کیا کام کیا مری دعا نے — بھیجا مرے پاس انہیں خدا نے

بیٹو! انہیں اب عزیز جانو — جو کہتی ہوں اسکو دل سے مانو

ہر چند ہے بخت اپنا بھونڈا — پکا نہیں دھوپ میں یہ چونڈا

میں دیکھ چکی ہوں اک زمانا — دیکھو جو مرا کہا نہ مانا

یعنی نہ رہے گر ان کے حامی — سچ کہتی ہوں عقل کی ہے خامی

میں مورد عذاب ہو گی — کچھ اور بھی تپ خراب ہو گی

ہے صلح میں منفعت تمہاری — اور میل سے منزلت ہے اواری

اس کام کے سبب نہیں ہو قائل — لڑنے سے نہ ہوگا ملک حاصل

بگڑا ہوا نظم ہے تمہارا — اب اس کا رہا نہ تم میں یارا

جناب مادر گرامی اپنے فرزند کو عدم اتفاق اور اپنے معاونوں سے اتفاق رکھنے کی تاکید کرتی ہیں

جاتی رہی تم سے قابلیت — جو تم کو یہ دیں ہے غنیمت

دیکھو نہ ہو آتش غضب تیز — انجام ہے اس کا فتنہ انگیز

ہاں حد ادب سے تم نہ بڑھنا — افسر جو ہوا اس کے سر نہ چڑھنا

جن لوگوں کے ہوتے ہو حوالے — یہ بھی مری گود کے ہیں پالے

کرنا نہ کبھی کچھ ان کی تقصیر — راضی رہیں کیجیو وہ تدبیر

تم تخم فساد کے نہ بونا — دیکھو کبھی سخت گو نہ ہونا

یہ عادتیں کب اصیل کی ہیں — یہ سب صفتیں رذیل کی ہیں

ہو جن کا خمیر حیلہ سازی — سر چڑھ کے کریں زباں درازی

لیں رشتہ دوانیوں سے بھی کام — آغاز میں سوچ لیں نہ انجام

کام اپنے تجد سے ڈھکے چاہیں — طے ہو نہ سکیں چلیں وہ راہیں

جانے کا وہاں ہو عزم بالجزم — رتبہ سے سوا ہو انکے جو بزم

اسلاف میں جنکے ہو فقیری — چاہیں وہ ریاست و امیری

یوں ملک کو وہ خراب کر دیں　　سب پہ نازل عذاب کر دیں

چلنا نہ کبھی تم ایسی چالیں　　ایسا نہ ہو تم کو وہ ملا لیں

یہ غدر ہے اور حرام ہے غدر　　ان باتوں کی چاہیئے تمہیں قدر

ہے اصل تمہاری طیب و پاک　　آلودہ کرے نہ تمکو یہ خاک

رہنا ہو حمایتوں میں جنکی　　بسنا ہو حفاظتوں میں جنکی

ہونا تم ان کے طالب خیر　　ہو جائیگا قہر گر پڑا بیر

آگے کوئی مانے یا نہ مانے　　تم جانو تمہارا کام جانے

چالاک تم اسمیں ہو کہ حد ہی　　تم کو اپنی سی میں نے کہہ دی

جب آئے گی تم میں قابلیت　　بڑھ جائیگی ہر طرح کی طاقت

پڑھ پڑھ کے بنو گے آپ کامل — ہوجاؤ گے یک زبان و یکدل

جب بھائیوں میں ملاپ ہووے گا — دل صاف تمہارا آپ ہوگا

خود فضل خدا شریک ہوگا — جو کام کروگے ٹھیک ہوگا

جناب عالیہ اپنے معاون تجار کو نصیحت اور اپنے فرزند کو نیکی کے ساتھ رعایت کرنے کی سفارش کرتی ہیں

اُن لوگوں سے پھر کہا بصد ناز — رکھنا خبر انکی تم شب و روز

مجبور پہ جبر کب روا ہے — اب تم ہو بس انکے یا خدا ہے

کیوں میں نے بنایا تمکو مختار — سمجھی کہ تم اسکے ہو سزاوار

غفلت نہ کروگے ورنہ سستی — ہے تم میں جفاکشی و چستی

ہے عدل کا نام تول پوری | انصاف و تحمل و صبوری

مجبور کو عاطفت میں لینا | معذور جو ہو تو بخش دینا

رتبہ میں نہ فرق ہو کسی کے | معنی ہیں یہ معدلت اسی کے

ہوں تجربہ کار میری سن لو | جو باتیں ہیں کام کی وہ چن لو

تب کام کا علم ہے تمہارا | سمجھو اُسے جو کروں اشارہ

بیٹے مرے گو ہیں بے لیاقت | آئیگی کبھی تو آدمیت

ان میں سے ہر اک جب بڑھیگا | ہر طرح کا تجربہ بڑھے گا

مجھ ماں کو ضرور سمجھینگے ماں | ہوگا مری خدمتوں کا ارماں

چاہیں اگر اسمیں استعانت | لازم ہے تمہیں بہت رعایت

کیا طول سخن سے مجکو حاصل
ہو حسین و فا وہی ہے عاقل

بیٹو انہیں لو خدا کو سونپا
رخصت اب ہو خدا کو سونپا

پیارو الوداع اب مری جان
اللہ تمہارا ہے نگہبان

ہر طرح کی دیکھ بھال رکھنا
اس مانکا ذرا خیال رکھنا

مادر گرامی

کاغذ میں جو وسعت رقم ہے
پھر اشہب خامہ تازہ دم ہے

القصہ وہ پیر زن کہن سال
جب دے چکی کشور و زر و مال

کی پھر تو معاونوں نے شفقت
کرنے لگے جان و دل سے خدمت

صحت کے ہوئے نمود آثار
گھٹنے لگا روز روز آزار

کچھ کچھ سُرخی سی مُنہ پہ آئی — اتنا یہ شفا دیئے دکھائی

گھر اُس کا جو روکش چمن تھا — خود دافع کلفت و محن تھا

پھرنے لگی اس میں خیر سے وہ — بشاش تھی اُسکی سیر سے وہ

کی ایسی معاونوں نے تحریک — ہونے لگا انتظام سب ٹھیک

ملتے تھے نہ سو بھی جس زمیں سے — آنے لگے لاکھوں ہی وہیں سے

لڑتے تھے ہمیشہ جو زمیندار — سر ڈال دیا انھوں نے ناچار

اُگتی تھی نہ جس زمین میں کاہ — رتبہ میں وہ ہو گئی فلک جاہ

جس راہ میں کٹ گئے تھے لشکر — چلتا تھا ہر اک اُچھالتا زر

وہ صاحب انتظام و تدبیر — وہ صاحب عز و جاہ و توقیر

مشغول تھے بسکہ معدلت میں — رونق تھی نظام سلطنت میں

لیکن یہ فلک جو کینہ ور ہے — حاسد ہے، عدو ہے فتنہ گر ہے

لایا تو غضب کا رنگ لایا — مے کے عوض لہو پلایا

سچ کہتے ہیں بات یہ جو الی — اک وجہ جو آپڑی نرالی

اس وجہ کو اتفاق کہیے — یا دشمنی و نفاق کہیے

اشرار بنی کئی رعیت — اس زال کی سب نے چاہی ذلت

پھیلائی خبر کچھ ایسی واہی — پیدا ہوئی صورت تباہی

تقدیر جو اس کی آہ بگڑی — لشکر بگڑا سپاہ بگڑی

گھیر اسے پاجیوں نے آکر — خوش ہونے لگے اسے ستا کر

اس زال کا جب ہوا یہ احوال — کیا ملک کا عرض کیجیے حال

نالے وہ رعیتوں کے ہر سو — اشرار کی ہر طرف تگ و پو

چھپنا شرفا کا وہ گھروں میں — وہ دخل شریروں کا بے شروں میں

ہونے لگی زال لاغر و زار — گویا کہ پلٹ گیا تھا آزار

موجود نہ ہوتے گر معاون — بے شبہ وہ دیکھتی برے دن

آخر کو بہت حکیم آئے — لندن سے دوائیں ساتھ لائے

لارنس کہ تھا طبیب حاذق — تھا تجربہ کاریوں میں فائق

اٹرم کی وہ خدمتیں شب و روز — ہولاک شفیق حال و دلسوز

وہ تاج شرف دکن کا سلطان — لاکھوں ہی تھے جسکے زیر فرماں

اشرار کی تھی نگاہ جس پر — لیکن نہ ٹلا جگہ سے خس بھر

جو عہد کیا تھا وہ نباہا — جز مہر و وفا کے کچھ نہ چاہا

اکثر شرفا وہاں تھے حاضر — دل سے نجبا وہاں تھے خاضر

جو جو تھے علاج میں دراندار — سرہو گئے سب وہ فتنہ پرداز

ان شیروں سے کیا لڑیں وہ روباہ — بھاگے ہر سمت قصہ کوتاہ

تھا سر پہ سوار خون ناحق — دوزخ میں پہنچ گئے معلق

بیحد تھی معاندوں کی ہمت — وہ ضبط و صبر وہ شجاعت

مشہور ہے ہفت خوان رستم — اس واقعہ سے مگر ہے وہ کم

غصّے سے جو شیر ہانپتا تھا — مرّیخ فلک بھی کانپتا تھا

تھا دل میں جو رحم خسروانہ ۔ صد شکر کہ بچ گیا زمانہ

القصہ عجوز کو بچایا ۔ اشرار کو پاس سے ہٹایا

سچ ہے کہ بلا غضب کی ٹالی ۔ اس زال کی آبرو بچالی

پہنچی تھی جو زال کو صعوبت ۔ تھی خوف سے غیر اسکی حالت

کہتی تھی کہ پھر نہ ہو یہی قہر ۔ آئے یہ ہوا تو کھاؤنگی زہر

دل رات سرشک خوں بہاتی ۔ تشویش کسطرح نہ جاتی

تھے خوف سے زرد دونوں رخسار ۔ ڈر تھا کہیں پڑے نہ بیمار

یوں کہنے لگی جب اسکی اوقات ۔ آتی تھی نہ کچھ سمجھ میں یہ بات

یعنی کہ اب اور کیا غرض ہے ۔ کیوں سست ہے کون سا مرض ہے

تکلیف ہے سخت بعد رحلت | گھبراتی تھی خود بخود طبیعت

الفت تھی زبسکہ آب و گل میں | کہتے تھے یہ لوگ اپنے دلمیں

معلوم نہیں کہ کیا مرض ہے | سالم رہیں یہی غرض ہے

جیتی رہیں مہربان ہماری | اولاد ہیں ہم یہ ماں ہماری

قائم رہے انکی بادشاہی | بے انکے ہے ملک میں تباہی

ہے طبع کو اک طرح کی حیرت | کس بات کی اب ہے وحشت

آرام سے انکے اپنا آرام | اللہ کرے بخیر انجام

مادر ہند پر مراحم خسروانہ اور شاہنشاہی حلقۂ حکومت میں آنا

ہر صفت جو شاہد جہاں ہے | یوں دست قلم گہر فشاں ہے

اتنے میں صدا یہ دی سنائی ۔ پیغام ہوا یہ لے کے آئی

اے جرعہ کشانِ بادۂ غم ۔ اے سینہ زنانِ بزمِ ماتم

اے کور دلانِ خود فراموش ۔ اے غفلتیانِ مجلسِ ہوش

اے پردہ درانِ دانش و فن ۔ اے بے ہنرانِ ملک دشمن

اے سادہ دلانِ خستہ احوال ۔ چوں خندۂ خوابہائے اطفال

گرگانِ گذر گہِ تاسف ۔ ہمتائے برادرانِ یوسف

اے ملتجیانِ مطلبِ خاص ۔ اے خدمتیانِ بزمِ اخلاص

وہ پیرِ عجوز خستہ احوال ۔ یوں لُٹگیا جسکا زر و مال

بیٹوں نے اُسے الگ ستایا ۔ پوتوں نے جدا اُسے جلایا

آنکھوں سے جھانکی گر گئی تھی — ان خود غرضوں میں گھر گئی تھی

پاس اپنے معاونوں کے آئی — کچھ دن ہوئی کوفت سے رہائی

اشرار نے پھر اسے ستایا — کمبخت کے دل کو پھر دکھایا

گھبرا گئی وہ کہ کیا کروں اب — کس در پہ گروں، کہاں مروں اب

خاطر میں ہوس تھی خسروی کی — تھی فکر اُسے وارث قوی کی

مقصود تھی بسکہ شوکت و جاہ — اب ڈھونڈھتی تھی کوئی شہنشاہ

اس سوچ میں گھٹ گئی تھی طاقت — تھی قابل رحم اسکی حالت

یہ باد صبا کہ باوفا ہے — ہر صاحب درد کی دوا ہے

آلودۂ صد غبار پہنچی — اڑ کر سرِ بزمِ یار پہنچی

اورنگ پہ جلوہ گر تھا وہ شاہ
مشہور ہے جس کی شوکت و جاہ

آئین عدالت اُس کا ایجاد
بیداد کی جس نے کھوئی بنیاد

مظلوم رہے نہ آہ و زاری
معدوم ہوئی ستم شعاری

ہے بحر و بر اُس کے زیر فرمان
ہر خشک و تر اسکے زیر فرمان

اقبال غلام پیر اُس کا
قیصر اک اک وزیر اُسکا

جس مُلک میں اُسکا نام آئے
صولت پئے انتظام آئے

دارا و سکندر و جم و کے
گذرے ہیں شہنشہیں تبے

مشہور زمانہ اور ہیں چند
جیپال قوی تن و مہانند

تیمور و علاؤ دین و بابر
پیرس کا نپولین بہادر

وہ اکبر ذی جلال و عادل
وہ شاہجہاں سخی و باذل

سب گرد ہیں آج اسکے آگے
دنیا کا نصیب سوتے جاگے

ازبسکہ جہاں ہے خوش اقبال
کیونکر نہ ہو اوجِ جاہ و جلال

رخشاں ہے زبسکہ کوکب تخت
ازبسکہ ہی علم صاحب بخت

سنبھلا ہے فنون کا کارخانہ
پلٹا ہے علوم کا زمانہ

دنیا کو جو تھا بہشت ہونا
آدم کو ملک سرشت ہونا

بھیجا اُسے خلق میں خدا نے
شان اسکی اُسیکے کارخانے

القصہ جو عرش کی صدا نے
کی سعی جو طالع رسا نے

حضرت سے ہوا یہ حکم محکم
ان زال کی ہیں کفیل خود ہم

شاہنشاہی فرمان ۱۸۵۸ء کی بعض مضامین

دیکھو نہ اسے ملال پہنچے — ہم تک روزانہ حال پہنچے

ہے علم یہاں کا بندۂ خاص — حاضر ہی حضور میں با اخلاص

درکار اسی کی ہی وساطت — موقع سے کریگا یہ حمایت

ناکام خجستہ کام ہوگا — سب طرح کا انتظام ہوگا

ہے بندۂ زرخرید اقبال — ہیں جسکے مطیع کشور و مال

دیتا ہوں اسکو حکم محکم — رکھے خبر اس جگہ کی ہر دم

اس زال ضعیف کے بھری دن — یعنی کہ ہوئے ہیں ہم معاون

ہیں اسکے کفیل مال و دولت — مشہور جہاں ہے میری صولت

دیگا نہ کوئی جو حکم کا ساتھ
دھو رکھے وہ جان و مال سے ہاتھ

فیاض بھی ہوں کریم بھی ہوں
موقع کی جگہ رحیم بھی ہوں

بیٹوں کی حمایت کرونگا
پوتوں کی رعایت کروں گا

نادار کو زر عطا کروں گا
بیمار جو ہو دوا کروں گا

کمزور جو ہو تو زور دونگا
مجبور کا میں کفیل ہونگا

گورا کوئی یا کوئی ہو کالا
خالق سب کا ہے حق تعالیٰ

دونوں مرے سامنے برابر
دونوں کی ہے سلطنت پہ یاور

دونوں مرے در سے ہونگے فائز
فرق ان میں کروں نہیں جائز

رعیت پہ نہیں مرا احسان
پائینگے دلی مراد یکسان

اس حکم کے جو خلاف ہوگا — جرم اُسکا نہ پھر معاف ہوگا

پتھر کی لکیر ہیں یہ احکام — ٹلنے کا نہ لیں گے تا ابد نام

کیا کیا ہیں فضیلتیں بشر کی — کیا کیا ہیں مذلتیں بشر کی

ان باتوں پہ بھی ذرا دھرو کان — یونہی ہے ہر ایک مشکل آسان

یہ وصف نہوں تو ہے وہ بیکار — علامۂ وقت ہو کہ زردار

نقصان صفات ہے خیانت — جبن و حسد و نفاق و خسّت

غیظ و غضب و زبان درازی — بے راہ روی و فتنہ سازی

ہاں جسمیں نہ ہوں یہ بدخصائل — ہے نزد ہمارے شہنشہی کے قابل

دربار میں پائیگا وہ عزت — تب رحم کریگا ما بدولت

ہے وجہ رسوخ علم بیشک | درکار ہے اسکو حلم بیشک

مداح خدا بھی حلم کا ہے | جب حلم نہو تو علم کیا ہے

جو مجھ پہ کریگا نکتہ چینی | اور اس میں ریا بھی ہو یقینی

کرتا نہیں اپنے خود ادا فرض | کب اسکی قبول ہو بھلا عرض

خوشحالیٔ آل [?] سے غرض ہے | کب ثروت و مال سے غرض ہے

دکھلائے کوئی اُس کو | غصہ میں نہ کوئی لا[?] اُس کو

عمر اسکی نشاط میں بسر ہو | ہنس بول کے شام و سحر ہو

۱۸۵۸ء کی بعد تسلطِ شاہنشاہی مملکتِ ہند

اٹھی جو سروش کی یہ آواز | لرزاں ہوئے ڈر سے فتنہ پرداز

ہاتف نے امان کی صدا دی | گھر گھر ہوئی چین کی منادی

سن کر یہ خبر جو امن جاگا | چلتا ہوا شر فساد بجا کا

سب عذر سے سب کہ تھے پریشاں | بیٹوں کے تو آئی جان میں جاں

سمجھے پھر اقدر داں اب آیا | خالق نے پھر یہ دن دکھایا

طالع پھرے جوہر شنکے جاگے | اب جائینگے جوہری سر آگے

یہ سچ کے مطمئن ہوئے وہ | آرام سے گھر میں سو گئے وہ

ہے دشمن آرزو کسالت | غفلت کا نتیجہ ہے فلاکت

جو سوئے وہ کھوئے سچ مثل ہے | محروم ہے وہ جو بے عمل ہے

درکار ہے سعی آدمی کو | پھلتے تو نہ دیکھا کسی کو

جو نیند میں اپنے دن گنوائے
خمیازۂ خواب وہ اٹھائے

تھا بسکہ رحیم دل کا سادہ
سویا کیا آرام سے زیادہ

باایں ہمہ غفلت و کہالت
کب جاتی تھی اصل سے اصالت

کب جوہر ذات کو ضرر ہے
کوڑے میں جو ہو گہر گہر ہے

آئینہ پہ لاکھ ہو پڑی خاک
آئینہ ہے پھر اگر ہے پاک

پہلے تو بدلے کروٹیں آرام
پھرتی سے اٹھا کہ تھا خوش انجام

بعد اسکے مٹی رحیم کی ہٹ
یہ بھی اٹھا بدل کے کروٹ

رونق کے ہوئے وہ جمع ساماں
بے رونقیاں ہوئیں گریزاں

جب علم و ہنر کے اٹھے بادل
دم بھر میں بھرے تمام جل تھل

قربان صدائے پر اثر کے | دن پھر گئے پھر تو ملک بھر کے

مادر ہند کی صورت حال کا بدل جانا

اتنے میں کوئی فرشتہ خصلت | ذی شان و شکوہ جاہ و حشمت

صورت سے عیاں تھی بردباری | کاندھوں پہ اٹھائے اک سواری

گذرے اس راستے سے ناگاہ | خوشبو سی مہک گئی وہ سب راہ

تھی اسمیں سوار کوئی محزون | دیتی تھی دعائیں ہر گھڑی یوں

جسطرح بڑھایا میرا منصب | ہوں سات سے ساٹھ لاکھ یارب

جیسا مری روح کو دیا چین | ہو اسکو نصیب عیش دارین

جس درجہ بڑھایا میرا پایہ | ہو اس پہ ترے کرم کا سایہ

آواز سروش پھر یہ آئی
بیٹوں نے جسے گنوا دیا تھا
جاتی تھی خلد سے پھر یہ سواری
جس کوچہ کو دیکھو بوستاں تھا

یہ ہے وہی بخت کی ستائی
نظروں سے جسے گرا دیا تھا
کرتی تھی نسیم مشکباری
جس غنچہ کو سونگھو عطرداں تھا

تاج ہند کا دربار شاہنشاہی میں آنا اور اسکی مملکت کا

روز افزوں ترقی پانا

ہے اب جو بہار کا زمانہ
بدلا ہے جو رنگ آسماں نے
پھولوں نے کہن لباس اتارا

یوں ہے لب خلد پر ترانہ
پہنی ہے نئی قبا جہاں نے
باغوں کو بہار نے سنوارا

لائی جو نسیم صبح گہنا — اترا کے عروس گل نے پہنا

سبزہ کا پلٹ گیا زمانہ — بیگانہ تھا اب ہوا یگانہ

ہر چند کہ تھی فصل گل بہت دور — آرائش باغ تھی جو منظور

دیکھا جو ذرا صبا نے مڑ کر — گل آ رہے پھر چمن میں اڑ کر

پھوٹی جو نئے سرے سے کونپل — ہر نخل میں قدرتی لگے پھل

سنبل نے جو گیسوؤں کو دی تاب — چہرہ ہوا یاسمن کا شاداب

کیونکر رہے چشم نرگس احول — آنکھوں میں دیا صبا نے کاجل

پایا زر گل تو بن گیا بن — دریا نے بھرا گہر سے دامن

سمجھے تھے زمیں کی جیب خالی — اسنے بھی تو اشرفی نکالی

کیا سرخ ہے لالۂ شفق گون
دی گل کو عجب صبا نے
افزون ہے بہار کا جو منصب
کرتا ہے فلک جو زرفشانی
جب خاک طلا کا رنگ پکڑے
ہے تین برس سے عیش و عشرت
رنگت نکل آئی پیاپی پیسی
ہے قیصر ہند کا ثنا خوان
کرتا ہون جو باگ سے اشارے

ڈرتا ہون ہے نہ چھو کر خس
زر لیکے چلا کھلے خزانے
صد برگ ہزار برگ ہے اب
سونا نظر آ رہا ہے پانی
ہر ذرّہ خوشی سے کیون اکڑے
پائی ہے جہان نے جو راحت
حافظ ہے اب جناب باری
کیون ہو نہ قلم کے ہاتھ میدان
بھرتا ہے یہ تیز دو طرارے

ہے وہم و خیال سے بھی چالاک　　ایسا نہ ہو پھاند جائے افلاک

ہے اب جو بہار پر زمانہ　　زرفام قلم کا ہے دہانہ

درپیش ہے راہ ذی کمالی　　کیوں نعل نہ اسکے ہوں ہلالی

جو سطر ہے شاخ نارون ہے　　کاغذ نہیں دامن چمن ہے

آئی ہے وہ کلک میں روانی　　دیکھے سے ہو جسکے ابر پانی

دریائے کرم نکل رہا ہے　　اک چشمۂ فیض ابل رہا ہے

مٹھی میں چھپا لیا ہے صحرا　　کوزے میں کیا ہے بند دریا

جو لفظ ہے اسمیں اک حوالہ　　جس شعر کو دیکھئے رسالہ

ہر نقطہ میں مطلب اک نہاں ہے　　ہر نکتہ میں پوری داستاں ہے

ہر حرف کی آب و تاب برتر
جو بات ہے معجزِ مسیحا
کہتا ہوں حیا تجسم باذنی
ہر مرکز کاف سرِ مکنوں
مضموں میں ہے قیّتِ موقوف
کاواک ہوں کسطرح یہ اشعار
اُمڈے جو ترقیوں کے بادل
قرطاس بھی ہو چلا ہے کاہی
جو پھول ہے باغ باغ ہے اب کے

کیسے میں بھرے ہوئے ہیں گوہر
مردے نہ ہوں کسطرح سے زندا
ہے بانگ صریر قم باذنی
ہر دائرہ ہے خمِ فلاطوں
سمجھے گا وہی کہ جو ہے واقف
جنتر ہے قلم تو لفظ ہیں تار
پھوٹی ہے نئی قلم میں کوپل
شنگرف نے کی اب سیاہی
جو ذرہ ہے اک چراغ ہے اب کے

زردی کہیں نام کو نہیں ہے
ہر کوشک و در زمردیں ہے

ہر سنگ و خذف ہے رشک بلور
ہر کوہ بلند غیرتِ طور

ہر چوب ہے تختۂ نگاریں
ہر قطعہ نگار خانۂ چیں

مٹی کو طلا پہ اب شرف ہے
جو خشت ہے روکش صدف ہے

بدلا ہے زمیں کا اب وتیرا
آہن بھی تو اب بن گیا ہے ہیرا

نساج فلک کی عقل ہے گم
پنبہ سے خجل ہے اب بریشم

کیا فیض شہنشہی ہے ہر سو
جس حسن پہ نظر کرو وہ جادو

کاغذ کا لگا ہوا جو پر ہے
اک طائرِ تیز پر خبر ہے

دے ساتھ اگر ہوا خضر کا
مٹی ہو ریاض عمر بھر کا

اسٹیم نے پائی اب وہ طاقت | روکے اُسے کیا فلک کی قدرت

خود جہل و نفاق ہیں پشیمان | ہے صلح ہر ایک در کی دربان

سب شاد ہیں متقی ہوں یا رند | جیبوں میں بھری ہے دولت ہند

ہر لب پہ خوشی کا ہے ترانہ | یوں تیس برس کٹا زمانہ

تھے چین سے لوگ حسب معمول | قیصر کی ثنا میں دل سے مشغول

حضور عالی شاہنشاہ کے زیر حکومت ہندستان کا تیس برس تک

امن امان سے بسر کرنا اور پہلی جُبلی کا زمانہ

ہاتف نے کیا جو اک اشارہ | ناگاہ سروش یوں پکارا

فراش صبا کدھر ہے، آئے | ہاں! چاندنی آسماں بچھائے

دربار وسیع دور تک ہو
نمگیرۂ اطلس فلک ہو

ہے چاند کدھر کہاں ہیں اختر
لائیں دُر وزر کریں نچھاور

خود آکے بچھائے تخت خورشید
حاضر ہوں نقیب بن کے ناہید

توپیں ہیں سلامیوں کو درکار
ہو ابر بہار آکے طیار

دربار کریگا وہ شاہنشاہ
مشہور ہے جسکی دولت وجاہ

کسریٰ سے بھی عدل میں فزوں ہے
جم سامنے اسکے سرنگوں ہے

مثل اسکا کہیں ہوا نہ ابتک
گر اسمیں کسی کو بھی ہو کچھ شک

جلدیں تاریخ کی اٹھائے
نام ایک کا بھی مجھے دکھائے

القصہ حکم خاص آیا
حاضر ہوں حضور میں رعایا

رحمت کی نگاہ سب پہ ہی آج — ہو ئیں غنی کوئی کہ محتاج
کرنی ہو اگر کسی کو فریاد — سب طرح سے آج ہی وہ آزاد
جو چاہے کہے کرے نہ کچھ شک — پہنچیگی وہ عرض اسکی مجھ تک

حضور شہنشاہ سلامت کی پہلی جوبلی کی خوشی اور شہنشاہی دربار

جس وقت سروش یوں پکارا — رونق نے زمین کو سنوارا
روشن ہوئے بام کوشک و در — خوشبو سے ہوا جہاں معطر
کھولا جو بہار نے خزانہ — ہر سمت تھا شاہد زمانہ
اس مژدہ میں عید کی تھی تاثیر — ایک ایک سے ہو رہا تھا بغلگیر
دربار جا رہی تھی خلقت — تھا شور خدائیگاں سلامت

دربارِ عمرِ ثانی

دربار کا حال کیا لکھیں ہم ۔ کاغذ ہو فلک تو پھر بھی کم

کیا عرض کریں کہ شان کیا تھی ۔ جز اسکے کہ قدرتِ خدا تھی

ایک سو وزرا کے جمگھٹے تھے ۔ اک سو امرا کے جمگھٹے تھے

اِک سمت صفیر صف جمائے ۔ اک سو خدام سر جھکائے

آئے پہلے تو اہل مذہب ۔ سب نیک نہاد سب مہذب

رکھے ہوئے قید کوئی سر پر ۔ جاری تھی زباں پہ اسکی ہر ہر

ہاتھوں میں لئے ادب سے مورت ۔ شائستہ خصال نیک صورت

سینے سے لگائے کوئی قرآن ۔ گویا تھا ملک بشکلِ انسان

تقوے کا لباس زیب تن تھا
آئینہ نور حق بدن تھا

رکھے ہوئے فرق پر عمامہ
ہم طرز عرب تمام جامہ

بیبل کوئی ہاتھ میں سنبھالے
گردن میں کیر اس کوئی ڈالے

صورت سے عیاں تھی ربانی
لب پر اسکے دعائیں جاری

پازند لیے بغل میں تھا ایک
تھا معدن خلق و خصلت نیک

ہاتھوں میں لیے گرنتھ کوئی
صورت سے عیاں فرشتہ خوئی

کچھ لوگ تھے وید مع حالات
تھے منکر مذہبی خیالات

ذی علم تھے لے کے اک طرف علم
حاضر تھا بصد وقار و صد حلم

سرگرم تھے دل محبت میں
مشغول نوید تہنیت میں

لب پر تھیں ہر ایک کے ثنائیں — دیتا تھا ہر ایک یوں دعائیں

جیسا کہ ہمیں کیا ہے آزاد — خالق ترا ملک رکھے آباد

کہتی تھی پکار کر عدالت — افزوں ہو شہا تیری جلالت

رہ رہ کے پکارتا تھا اقبال — ہر روز زیادہ ہو یہ اجلال

مادرِ ہند دربار حویلی میں

کی بخت بلند نے رسائی — اتنے میں وہ پیر زال آئی

پکڑے ہوئے دونوں بیٹوں کے ہاتھ — پوتے بھی نواسے بھی تھے ساتھ

پیری سے تمام جسم لرزاں — تکنا سوئے تخت گاہ حیراں

ہر گام پہ ضعف سے ٹھہرنا — دربار کے دبدبہ سے ڈرنا

وہ عظمت و فر و شان و شوکت — وہ فوج کے افسروں کی حشمت

وہ شوکت و شانِ چار سُو کی — ہر سمت پکار طرقو کی

وہ اطلس زرنگار کا فرش — وہ تخت کا اوجِ صورتِ عرش

وہ چترِ شہی کی جگمگاہٹ — وہ برقِ نگہ کی تلملاہٹ

خدام کی وہ قطار تا دور — اِستادہ ادب کے ساتھ دستور

مجرائیوں کے وہ نام آنا — وہ حضرت شہ کا مُسکرانا

القصہ وہ پیرزال آئی — تا تختِ شہی ہوئی رسائی

ایمائے شہنشہی سے دستور — بولا کہ "سن" اے عجوزِ مجبور

کیا عمر ہے تیری اور کیا نام — حضرت سے ہی کونسا تجھے کام

مطلب ہو جو دل میں کیجئے عرض
اظہار امید آج ہے فرض

اب ہے نہ زیادہ خوف کو راہ
ہے تجھ پہ نگاہ حضرت شاہ

جو چاہیگی وہ تجھے ملے گا
تیرا گل آرزو کھلے گا

یہ کون ہیں آئے ہیں جو ہمراہ
کر عرض کہ خود سنے شہنشاہ

مادر ہند عرض حال کرتی ہے

دستور سے کرکے صورت حال
بولی یہ دعائیں دیکے اول

شاہا مرا انڈیا لقب ہے
پایا یہ خطاب میں نے اب ہے

بھارت ماتا در اصل ہے نام
مہمانوں کی خدمت میرا کام

کیا عرض کروں کہ عمر کیا ہے
یوں اپنے بزرگوں سے سنا ہے

قدرت کہ ہماری تھیں وہ مادر
انکا کوئی سن میں تھا نہ ہمسر

تھیں عمر میں بڑھکے آسماں سی
سُنتی ہیں اُن ہی تھیں اس جہاں سے

بیٹی ہوئیں اُن کی سن رسیدہ
آفت زدہ و بلاکشیدہ

جیپال کا پالنا جھلایا
دودھ اپنا اشوک کو پلایا

بیٹوں میں مرے تھا اک چھورا
بھولا نہیں اسکا دور دورا

تھا لخت جگر مرا مہانند
رکھا مرے دل کو اس نے خرسند

محمود کے عہد میں جواں تھی
منہ بولی شہا میں اسکی ماں تھی

گودوں میں فرید خاں کو پالا
اکبر کو جواں کر نکالا

جب شاہ جہاں کو میں جنی تھی
چوتھی کی حسین دلہن بنی تھی

ہر چند کہ سن رسیدہ تھی میں | ہر سو تھی بلا کشیدہ تھی میں

اکثر بیٹے جو تھے مرے نیک | شایستہ بہت تھا انمیں ہر ایک

کرتے تھے دلونسے میری خدمت | جبتک تھے وہ مرے سلامت

وہ سب جو ہوے عدم کو راہی | آئی مری جان پر تباہی

کس کس نے لہو مرا نہ چوسا | کس کس نے مجھے نہ آکے موسا

ہر منہ کا یہ گوشت تھا نوالہ | میں رکھی ہڈیونکی مالا

دو لخت جگر جو اب ہیں قائم | یارب رہیں صحیح وسالم

سب زور گھٹا دیا انہوں نی | کھر کھوج مٹا دیا انہوں نی

گذری مری جسطرح جوانی | ہے طول وطویل وہ کہانی

دونوں میں غضب کی تھی لڑائی
اس جنگ نے گھر کی کی صفائی

جب انکو عداوتوں نے گھیرا
ہوتا رہا خون خشک میرا

ابتک اسطرح لڑرہے ہیں
بگڑے ہوئے تھے بگڑ رہے ہیں

کی میں نے بہت دنوں نصیحت
الٹے مجھے کر دیا فضیحت

ہرطرح سے ہوگئی ہوں معذور
پاس آئی معاً وہ ہو کے مجبور

کی دل سے انہوں نے میری خدمت
گھر لیگئے مجکو وہ بعزت

لی میری خبر انہوں نے ایسی
خدمت کرتے ہیں ماں کی جیسی

کہیے وہی جسکی حق میں ہو بات
تھا میرا لحاظ انکو دن رات

کچھ کچھ ہوئی کم مری نقاہت
فی الجملہ ہوئی نصیب صحت

خالق ہے گواہ اسکا شاہا — میں نے نہ برا کسی کا چاہا

بدخواہ بنے کئی نمک خوار — چاہی مری ہتک آخر کار

ازبسکہ قوی تھے یہ معاون — ہر طرح سے کٹ گئے برے دن

سچ کہتی ہوں آپ اگر نہ ہوتے — بیٹے تو مرے خبر نہ ہوتے

معلوم ہی سب کو یہ حکایت — خیر اسکی کہاں تلک شکایت

صدمہ جو غضب کا یہ اٹھایا — پھر ضبط کی تاب دل نہ لایا

وحشت نے نئی طرح ابھارا — بعد اسکے لگا نہ جی ہمارا

ہر چند معاونوں نے چاہا — سچ ہی کہ بہت دنوں نباہا

دل میرا کچھ اسطرح سے دہلا — چاہا تو بہت "مگر" نہ بہلا

القصہ جو شاہ کے ہیں خدام — معلوم ہیں مجکو بعض کے نام

وہ تا در شاہ لائے مجکو — اوصاف شہی سنائے مجکو

میں خیر طلب گھڑی گھڑی ہوں — تب سے در شاہ پر پڑی ہوں

ہو نمیں تری سلطنت میں شاہا — ہوں سایۂ عاطفت میں شاہا

کرتی ہی دعا خدا سے یہ زال — شاہا! ہو زیادہ تیرا اقبال

تو نے مجھے اس طرح نوازا — پھر ہو گئی روح میری تازا

شکوہ ہے نہ کچھ مجھے گلا ہے — حاجت سے زیادہ ہی ملا ہی

ہر موے بدن ہی شکر گویاں — دیتا ہی دعائیں رو یاں رویاں

ہر طرح سے دل مرا ہے اب شاد — شاہا! ہوئی لٹ کے میں پھر آباد

میں آپ خوشی سی کھو گئی ہے
یعنی کہ جوان ہو گئی ہے

جیسا مجھے کر دیا جوان بخت
قائم رہے تاج اور ترا تخت

شاہنشاہی جواب

جب بان ہوئے سنکے یوں لب شاہ
اے پیر عجوز مانگ جو چاہ

بیٹھا جو میں تخت پر بہ اقبال
اب جیسے ہی پچاسوں سال

اس جشن خوشی میں ہے یہ منظور
ہر اک مرے در سے جائے مسرور

جو آئے مراد اپنی پائے
محروم کسی طرح نہ جائے

پھر مادرِ شاہ عرض کرتی ہے

بولی وہ عجوز نیک طینت
شاہا تو ہمیشہ رہ سلامت

مرہونِ عنایت و عطا ہوں — کیا اپنے لئے میں اور چاہوں
داعیِ بقائے خسروی ہوں — پہلے سے میں اب کہیں قوی ہوں
گو دولت و مال و زر تو کم ہے — چنداں نہیں مجکو اسکا غم ہے
صحت کہیں بڑھ کے مال سے ہے — تسکین اسی خیال سے ہے
سمجھی ہوں اسی کو میں غنیمت — صحت ہے شہا ہزار نعمت
خواہش ہے نہ مال کی نہ زر کی — اولاد کی دھن ہے اور گھر کی
یعنی رہے تندرست اولاد — پھولے پھلے گھر مرا ہو آباد
کچھ حد سے شہا گذرتی ہوں نہیں — اولاد کی سعی کرتی ہوں میں
ماتا بھی علم ان میں کم ہے — مجھ ماں کو بھی اسکا سخت غم ہے

دل کھولکے پڑھتے جاتے ہیں اب — صد شکر کہ پڑھنے جاتے ہیں اب

ہر طرح سے ہوشیار بھی ہیں — ذی فہم بھی ذی وقار بھی ہیں

جو کام پڑے ہو وہ کر دیں — سر دینے کا وقت ہو تو سر دیں

کج بحث ہیں اور کینہ ور ہیں — آخر کس ماں کے یہ پسر ہیں

صحبت کا اگر نہ پیچ پڑتا — ان میں سے نہ ایک بھی بگڑتا

تھی ان پہ بلائے آسمانی — کیا عرض کروں ہائے کہانی

تدبیریں ہر طرح سے ہارے — کھوئے زر و ملک و مال سارے

جس وقت تھی انکے پاس دولت — حاتم سے زیادہ کی سخاوت

آیا جو خرابی کا زمانہ — سنبھلا نہ پھر ان سے کارخانہ

جب سخت زمانے کی دو رنگی
ہونے لگی خرچ کی بھی تنگی

کیونکر رہے حُسن خُلق قائم
افلاس ہے مادر جرائم

پُشتیں میں جسکی ہوا امارت
اللہ نہ دے ایسے فلاکت

بن نکلے جنکے در سے زردار
وہ سبکی نگاہ میں ہوئے خوار

پاتے تھے امیر جسکے گھر سے
روٹی کیلئے وہ آج ترسے

گو پڑگئی آکے سخت مشکل
لیکن نہ ہوئے کبھی وہ بیدل

اس بات کو دوں کہاں تلک طول
چلتا نہیں اُنسے خرچ اسکول

اسپہ بھی جو ہے دلوں میں ہمت
بااینہمہ کثرت فلاکت

جسطرح یہ نیچے پڑھ رہے ہیں
سیڑھی کے بغیر چڑھ رہے ہیں

کچھ پڑھ بھی چکے ہیں حسب دلخواہ
کی تھی انہیں پہلے ہی نصیحت
حکام سے چاہیئے تمہیں میل
تم چاہتے ہو اگر بھلائی
اب اسکو سمجھ گئے ہیں خوب
ہے ان پہ تھا مگر یہ افلاس
ظاہر کی ہے یہ سفید پوشاک
طاقت میں بھی حال فرمیں بھی
امید عطائے خسروی ہے

ہیں طالب خدمت شہنشاہ
خدمت سے ہر ایک کی ہے عظمت
سمجھو دو رنگیوں کو تم کھیل
افسر سے نہ کیجیو برائی
یہ غدر کو جانتے ہیں عیب
نذر کیا انہیں کوڑیاں بھی آن پاس
باطن میں نہیں ہے پاس کچھ خاک
ہیں علم میں کم ہنر میں بھی کم
اس آس پہ ان کا دل قوی ہے

[illegible]

ہیں ان میں شہا بہت فضائل | ہیں واقعی ان میں کم رذائل
یہ وقت پہ امتحان دینگے | حکم پہ اپنی جان دینگے
وعدے ہیں معاونوں کے سب یاد | بھولی نہیں انکو میری اولاد
حضرت کے وہ منصف احکام | خوش تھے جنہیں سنکے خاص و عام
ضد کرتے ہیں آپ بھی خوشخو | دلوا نہیں یاد جا کے خود تو
کرتی ہوں سفارشیں میں سب کی | کچھ ان میں جگہ نہیں عجب کی
سب ہیں مجھے ایک ماں کی اولاد | اللہ کرے رہیں یہ آباد
فرزند مرے ہیں قابل رحم | ہوں سب کیلئے میں سائل رحم
شاہا! اگر آستاں تک آئیں | منہ مانگی مراد تجھ سے پائیں

دولت کی ترقیاں ہوں ہر دن
اور عمر میں ہو ہمارا ہم سن

چپ ہوئی عرض کرکے وہ زال
حضرت نے سنا تمام احوال

شاہنشاہی جواب

ارشاد ہوا کہ اے نکو نام
مستوجب صد ہزار انعام

تو ہی مرے ملک بھر کی ہے جان
دربار کی تجھ سے ہی شوکت و شان

تو گلشن دہر میں یگانہ
ہے تیری بہار جاودانہ

چھائی ہے جہاں میں تیری عظمت
سرمایۂ ناز تیری دولت

خوش تجھ سے نہ کیوں ہوں ما بدولت
دل کھول کے تو نے کی اطاعت

مجھ سے نہ کیا کوئی بہانا
جو حکم دیا وہ دل سے مانا

بیٹوں میں ترے ہے گو شرافت — صورت سے ٹپکتی ہے نجابت
دونوں میں مگر دلی نہیں میل — سمجھے ہیں وہ اس نفاق کو کھیل
اس ڈھنگ نے گو یہ دن دکھایا — ہوش آج تلک مگر نہ آیا
خود مطلبیوں پہ مر رہا ہے — ایک ایک سے رشک کر رہا ہے
بے میل طبیعتیں ہیں سب کی — آپس کی یہ پھوٹ ہے غضب کی
ابتک وہی بدگمانیاں ہیں — ابتک وہی لن ترانیاں ہیں
جب علم وعمل میں ہونگے کامل — تب ہوگا نفاق دل سے زائل
پھر کوئی کرے گر ان کی تحقیر — تہذیب خود اسکو دیگی تعذیر
گر اپنے حقوق کی طلب ہے — انکار کسی کو اس سے کب ہے

کچھ اور دنوں ابھی سبق لیں
تب مانگ کے مجھسے اپنا حق لیں

بیشک ہے دل آب آب تیرا
بیجا نہیں اضطراب تیرا

مضطر کا علاج ہے مگر صبر
کر اور پچاس سال تک جبر

پوتا مرا ہوگا زینت تخت
چمکیگا ترا ستارۂ بخت

سوراج عطا کریگا وہ شاہ
بڑھجائیگی تری شوکت و جاہ

بیٹے ترے حکمراں بنیں گے
سردار جہانیاں بنیں گے

بر آئیگی سب طرح کی اُمید
ہوگا ترے واسطے وہ دن عید

خاتمۂ مثنوی بر دعائے دولتِ شاہنشاہی

صد شکر کہ یہ نوید نامہ
یا کہیئے اسے امید نامہ

آج اسکا ہوا بخیر انجام — خامہ نے مرے کیا عجب کام

از بسکہ وسیع ہے یہ میداں — گم ہوتی ہے اسمیں عقل انساں

مہمیز جو کی ہے میں نے پیہم — خامہ کا بھی پھولنے لگا دم

سرپٹ قلم اسطرح سے جائے — اس پر بھی سکندری نہ کھائے

شاہا! نہ شغف کرو نہیں کیونکر — ہیں فیضی وقت، تو ہے اکبر

باقی نہیں قدر اب جو فن کی — مٹی برباد ہے سخن کی

بوئے ہوئے تخم سڑ رہے ہیں — پانی نہیں، کھیت اجڑ رہے ہیں

سرسبز نہال جل رہے ہیں — دہقان کھڑے ہاتھ مل رہے ہیں

ابر کرم و عطائے قیصر — ہو قطرہ فشاں گر اس زمیں پر

تر کردے زمیں جو از سرِ نو
آئندہ ترقیاں ہوں ہر دن

پیدا ہوا ابھی امیر خسرو
ہو خضر سے بھی سوا تر اسن

جاہ و حشم و خدم فزوں باد
آمین و دعا ز خامۂ و شاد

مصنف کی عرض ہم فنوں سے

اب عرض مری ہے شاعروں سے
جو نبض شناس علم و فن ہیں
اے خدمتیانِ بزمِ اشعار

والا نظروں سے ماہروں سے
جو واقف کوچۂ سخن ہیں
اے جوہریانِ سرِ بازار

اے رتبہ شناس ذی کمالاں
یہ فن شریف شاعری نام
جاتا رہا رکھ رکھاؤ اس کا
سالم ہے خم نہ جام باقی
چھائی ہوئی حسرتیں ہیں ہرسو
دل سب کے وفور غم سے نالاں
معدوم اب اسکے ہیں خریدار
ہیں مشتریوں کے بام و در بند
بے سود صدا لگا رہے ہیں

مرہم نہ ریش خستہ حالاں
ہوتا ہے بخیر جس کا انجام
دنیا سے ہے چل چلاؤ اسکا
میخانہ نہیں خموش ساقی
میکش ہیں تمام سر بزانو
بزم اسکی ہے بزم خستہ حالاں
اردو کا اجڑ رہا ہے بازار
توقیر کلام ہے نظر بند
بے وقت کا راگ گا رہے ہیں

سنتا نہیں کوئی جو اپنی فریاد — برسوں کی ریاضتیں ہیں برباد

دُھن میں تری اے کمال ہم نے — کاٹے ہیں ساٹھ سال ہم نے

گو پیر ہوا پہ مونہہ نہ موڑا — تجکو نوجواں بنا کے چھوڑا

اس شہر میں رہ کے کی ریاضت — معدوم جہاں تھے اہل ہمت

میں نخل کمال تھا وطن میں — سرسبز ہوا نہ اس چمن میں

غم نے مرا برگ و بار چاٹا — اٹھتی ہوئی کونپلوں کو کاٹا

خیر اب یہ سکا نہیں کہانتک — پُر درد حکایتیں کہانتک

دنیا کا بس اب دم بھرو شاد — پیری ہے خدا خدا کرو شاد

تمام شد

قطعات تاریخ طبع مثنوی مادر ہند از شاعر باکمال و عالی خیال یادگار حضرت علامہ شاد

جناب سید عنایت حسین صاحب امداد عظیم آبادی

کیسا بیحجاب نکلی دیکھو وہ مادر ہند — نظارہ کا تھا جسکے آنکھوں کو اپنی ارماں

یہ بن سنور رہی تھی اور ہم تھے اسکے جویا — کیسی ہے حسن پیکر۔ مانند ماہ تاباں

کیسا سجایا ہے اسکو اس شاد ذی ہنر نے — شانہ کش تخیل ہے فکر عرش ساماں

ہیں تازہ گل تراشی۔ طرفہ ہیں نوک پلکیں — سمجھیں نہ کیوں سخنور ہے تازہ اک خیاباں

جوہر کشا ہوئے الفت۔ راز وفا کا نسخہ — تعلیم ملک رانی۔ اخلاق کا دبستاں

کیا کیا ہیں استعارے۔ کیسے حسین کنائے — جوہر شناس نظریں ہوتی ہیں جسپہ قرباں

لہجے میں وہ فصاحت جھڑتے ہیں جس سے موتی — پرفن نگاہیں کیونکر بھر لیں نہ اپنے داماں

رنگینیٔ مضامیں پھندا ہے دلکشی کا — کب دیکھتی ہے مڑ کر بلبل سوئے گلستاں

گنجینہ معانی ہے حرف حرف اسکا — بیتیں ہیں مثنوی کی موتی کی ہیں یہ لڑیاں

شاہوں کے کام کی ہے ناصح عوام کی ہے — یہ نقش وہ ہے جس سے سرکش ہو زیر فرماں

مضموں کے پھول یونہی آغوش میں ہیں اسکی — گلزار میں ہو گلچیں جسطرح گل بداماں

آئینہ مجلا ہے شان مثنوی کی — طغرائے باکمالی کیونکر نہو نمایاں

حافظ ظہیر احمد حسن کا ہے نام نامی — مجروح ہے تخلص ذی علم و سخنداں

علم و ہنر کے شیدا رتبہ شناس فن ہیں — ہے شوق چھاپنے کا تصنیف باکمالاں

سرمایۂ زندگی کا اہل قلم کی ہیں یہ — یعنی مصنفوں کو دیتے ہیں آب حیواں

یہ مثنوی چھپی ہے سرگرمیوں سے انکی — کرتے ہیں صرف زر بھی محنت بھی تا بامکاں

یہ خلعتِ طباعت کیسا ہے اسکا زیبا
پھر ہوں نگاہ والے کیونکر نہ اسکے خواہاں

ظاہر میں حُسنِ صورت در پردہ معنویت
شاہد ہیں خود مضامین کیا خوبیاں ہیں پنہاں

نقش و نگار گل کو کب ہے نصیب نزہت
دیکھو جو اسکا منظر کھلجائیں دل کی کلیاں

مقبول اہل فن ہو مجروح کی یہ محنت
اور ہو مفید یا رب یہ کوشش فراواں

وہ مہرباں ہمارے سید ظہور احمد
نور نظر ہیں جنکے مجروح پاکداماں

ہے شکریہ ضروری ان قدردان فن کا
امید ہے کہ ان سے ہو روح شاد شاداں

جاں کاہیوں نے انکی ساماں کئے فراہم
دلچسپیوں سے انکی مشکل ہوئی یہ آساں

آزاد کو ہوئی جب فکرِ سنِ طباعت
آئی ندائے ہاتف یہ لکھدے نظم شایاں

۱۳۵۲ھ

قطعۂ فارسی

زہی مصنفِ عالی نظر خوشا تصنیف
کہ ماند نقش بقایش بمنزل ایجاد

بہ طبع آمدہ آں مثنویِ مادرِ ہند
کہ ایں ہم است زرشحاتِ خامۂ اُستاد

مسلّم ایں کہ بفن بود ذاتش علّامہ
اساسِ شعر و سخن را وجودِ اُو بنیاد

کنم ز خامہ چہ ابیاتِ مثنوی را وصف
کہ شاہد اند کمالاتِ او بصد اسناد

بہ سینہ داشت بسے زخمہائے ناقدری
بہ قلبِ سوزِ نہاں بود و بر لبش فریاد

زمانہ مردہ پرست است ایں سخن حق است
کہ کرد بعد فنایش ادائے رسمِ داد

بہ جستجوئے سنِ عیسوی چو فکرم بود
سخن ز فیضِ اتم مصرعہ بہ طبعم داد

بگفت بے سرِ اغراق ایں سنش الداد
نوید ہند ز تصنیف خاں بہادر شاد

۱۹۳۳ء

قطعات تاریخی ہجری و عیسوی طبع مثنوی مادرِ ہند بدم جناب شاد خان بہار جو عظیم آبادی

از افصح الفصحا جناب شفق رضوی عماد پوری مقیم الہ آباد

ممتاز بہار تھا انھیں کے دم سے
شاعر تھے جو شاد خاں بہار مشہور

عالی ہمت ظہیر احمد مجروح
فرزند ظہور احمد اہل شعور

تصنیفیں اُن کی چھاپکر بعد وفات
شائع فرما رہے ہیں حتی المقدور

چھاپی ہے یہ مثنوی عجب نورانی
بیتیں جسکی ہیں صاف بیت المعمور

تاریخ کی مجھ سے بھی ہوئی فرمایش
مجبور نہ رہ سکا ہیں گو تھا معذور

ہاتھ آیا حسین مصرعِ سال شفق
ہے مادرِ ہند مثنوی چہرۂ حور
۱۳۵۲ھ

دیگر عیسوی

شائع ہوتی ہے مثنوی مادر ہند
لکھ دو سن عیسوی کا مصرع یہ شفیق

محبوب ہو ملک کو وطن کو مرغوب
دلکش رنگیں ہے مثنوی دیکھا خوب

۱۹۳۳ء

قطعۂ تاریخ طبع مادر ہند مصنفہ حضرت شاد مرحوم عظیم آبادی نور اللہ مرقدہٗ

از بلبلِ بہار" سریکا بری گیاوی

یہ مثنویِ خجستہ مفہوم
بے مثل و جواب و بے بدل ہے
انداز سخن ہے کیا انوکھا

تصنیف جناب شاد مرحوم
مدت کی ریاضتوں کا پھل ہے
اردو میں ہے اک نیا اضافا

جو لفظ ہے تیر دل نشیں ہے — آغوش کماں سے کم نہیں ہے
ڈوبی ہوئی ہے اثر میں تحریر — ہر سطر ہے بے نیام شمشیر
تھے شاعر باکمال مشہور — مرقد پہ ہو اُن کے بارش نور
راسخ سے سخنوری میں کامل — سرتاج حزین و فخر بیدل
کی قدر نہ زندگی میں اصلا — اب قبر کو کھودتی ہے دُنیا
ہیں مستحق سپاس بیحد — منشی حافظ ظہیر احمد
ہیں نکتہ شناس و ماہر فن — دنیا میں ہو انکا نام روشن

تاریخ یہ لکھ سریر ناشاد
آئینۂ خوش بیانی شاد
سنہ ۱۳۵۱ھ

قطعۂ تاریخ طبع مثنوی مادر ہند از سخنور شیریں مقال شاعر نازک خیال
یادگار حضرت داغ دہلوی جناب ڈاکٹر سید مبارک حسین صاحب مبارک عظیم آبادی

شاد کی مثنوی وہ مادر ہند
مثنویوں میں شہرۂ آفاق

ہے طباعت میں اک پری پیکر
اور مضموں میں پیکر اخلاق

مہر مادر کی بولتی تصویر
کہہ رہے ہیں یہ مادری اشفاق

نسخۂ اتفاق و یک جہتی
عملِ دافعِ بلائے نفاق

عبرت آموز موعظت ایک ایک
حکمت آموز سر بسر اسباق

شاہوں کو اک زرِ خوش تدبیر
ملک کے واسطے وفاؤ وفاق

منظر چشم اہل بینش ہے
حافظ و مولوی ظہیر احمد
ساکنِ بلدۂ عظیم آباد
وہ تخلص سخن میں ہی مجروح
اُنکی سعی بلیغ سے یہ چھپی
کار آمد کتاب نامطبوع
ہیں یہ رحمت مصنفوں کیلئے

ہر ہنر دوست آنکھ ہی مشتاق
سرو خوبیِ گلشنِ اخلاق
چو گھڑا۔ جائے شہرۂ آفاق
وہ کہ دلکش ہی شاعری کا مذاق
ہیں کتابو نکی طبع مین جو طاق
اسکو چھپوائیں اسکے ہیں مشتاق
زندہ رکھ ان کو خالق آفاق

یہ مبارک نے عیسوی تاریخ
طبع کی لکھی **اختر اخلاق**
۱۹۳۳ء

قطعہ تاریخ طبع مثنوی مادرِ ہند

از حضرت علامہ فضل حق آزاد عظیم آبادی

خان بہادر علی محمد شاد — آنکہ مثلش نہ زاد مادر ہند

مثنوی رقم نمود بہ سعی — نام او را نہاد مادر ہند

اجل او را نہ داد فرصت طبع — بدگر دست داد مادر ہند

زیور طبع یافتہ از ظہیر — پردہ از رخ کشاد مادر ہند

سال طبعش بحسب فرمائش — تا نیفتد ز یاد مادر ہند

گفت آزاد۔ تا بقائے خلق — شاد و آباد باد مادر ہند

۷۲۴ — ۶۳۰

تاریخ طبع مثنوی مادرِ ہند

از حضرت پرویز شاہدی ۔ ایم ۔ اے عظیم آبادی

حبذا رنگ گلشن ایجاد
مرحبا اے بہار بے بنیاد

اے خوشا اختلاط آب وہوا
اے تو ہے امتزاج خاک وباد

حُسن شاہد ہے تیرا جلوۂ رُخ
طبع معشوق ہے تری اُفتاد

تیرا جلوہ اساس ذوق نظر
تیرے پردوں پہ شوق کی بنیاد

ہاں مگر اس بہار پر مت بھول
انقلاب خزاں کو بھی رکھ یاد

خود ستائی ہے کوشش ناکام
خود نمائی ہے کاوش برباد

تیرا وہ باغبان ہی نہ رہا
جس سے تھا باغ رنگ وبو آباد

شاعر نغز گوے خوش گفتار
خاں بہادر **علی محمد شاد**

فخر افزائے سرزمینِ بہار ناز پروردۂ عظیم آباد

معدن علم و مخزن تہذیب خسرو فکر بے نظیر استاد

جس کی ہر نظم حامل ایماں جس کی ہر نثر قاطع الحاد

وادریغا قضا نے چھین لیا ہم سے سرمایۂ متاع مراد

چل بسا اس جہان فانی سے شاعر باکمال ہند نژاد

کیوں نہ ہر لحظہ کیجئے نالے دمبدم کیوں نہ کیجئے فریاد

اشک افشاں نہو قلم کیونکر ہوگیا گلشنِ ادب برباد

خیر چارہ نہیں مشیت میں کارنامہ اب ان کا رکھئے یاد

مثنوی سلیس مادر ہند شاہکار جناب حضرت شاد

دلکشا دلپذیر دل آرام رہنمائے نظر، کلید مراد

قوم کو اتحاد کی تعلیم
چشم ملت کو ارمغان سواد

خنجر تشنہ کام خون حسد
قاطع گردن نفاق و عناد

ملک کے اوج ماضی کا رونا
سلطنت سے حقوق کی فریاد

کیجئے کسقدر زباں سے بیاں
خوبی زاید ہے از حد تعداد

الغرض یہ کتاب نقش کمال
مایۂ نازِ مانی و بہزاد

آج سعی ظہیر احمد سے
چھپکے ہے فخر عالم ایجاد

ہے ادب دوست، علم جو کتنا
یہ جوان سلیم و نیک نہاد

بار آور ہوئی ہے سعی لطیف
مرحباً آفریں مبارک باد

فکر تاریخ تا کجا پرویز
لکھدے فوراً۔ ہے اک ریاض شاد

۱۳۵۲ھ

قطعۂ تاریخ طباعت مثنوی مادرِ ہند

از

حضرتِ حمید عظیم آبادی

مثنوی لکھی جناب شاد نے — تھے جو مہرِ آسمانِ شاعری

کیوں نہ اس کی ہر سطر ہو کہکشاں — کیوں نہ پھیلے چار جانب روشنی

اس کا ہر ہر لفظ ہے ماہِ تمام — سارے عالم میں ہے چھٹکی چاندنی

کیوں نہ نقطہ چمکے مہر وار — کیوں نہ کوکب پر کرے چشمک زنی

اس کا ہر مرکز ہلالِ عید ہے — کیوں نہ چھپنے کی ہو اس کے اب خوشی

کیا ہی روشن مصرعِ تاریخ ہے — رونقِ چشمِ کواکب مثنوی

۱۳۵۴ ہجری

مطبوعات شاد بک ڈپو، چوگھڑہ پٹنہ سیٹی

داستان عجم

ادیب الملک نواب نصیر حسین خیالؔ مرحوم مصنف
"مغل اردو" کی وہ عدیم المثال تصنیف جو انکی زندگی کا
آخری کارنامہ ہے اور اردو نثر میں فردوسی کا شاہنامہ
نہایت اعلے طباعت و کتابت اور بہترین کاغذ
پر مع مقدمہ حضرت عباس شوستری و
تعارف حضرت رشید احمد صاحب صدیقی کے
چھپکر شائع ہو گئی۔ سائز ۲۰ × ۲۶/۱۶ صفحہ ۱۸۰
مع تصویر مصنف قیمت فی جلد ایک روپیہ علاوہ محصول

شہنشاہ سخن مشہور شاعر حضرت شاد عظیم آبادی کی یادگار کتابیں

فکر بلیغ

از حضرت شاد عظیم آبادی مرحوم

یہ وہ کتاب ہے جسکے ایک مرتبہ پڑھنے سے تمام فن شاعری کی کافی معلومات ہو جاتی ہے اور انسان شعر لکھتے وقت غلطی سے بچتا ہے ہر سخن فہم وسخن گو کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے سائز ۲۶ × ۲۰ — باوجود اعلیٰ قسم کے کاغذ اور ایک سو ساٹھ صفحے کے قیمت صرف ۱۲؍

ظہور رحمت (منظوم)

بالکل اچھوتی نئی اور موثر کتاب ہے اسمیں نبی کریم صلعم کے حالات زندگی درج ہیں۔

جس میں مندرجہ ذیل مضامین ہیں:

نعت
آپ کا حلم
بیان ولادت
آپکے آنے کی ضرورت
آپ کا مرتبہ
حالات بعثت
اہل عرب کے زمانہ جاہلیت کے حالات
معراج
تعلیم
طلب معرفت
حالات براق
آپ کا اخلاق
بیان حالات شبیہ مبارک

ساتھ ساتھ علامہ سید سلیمان (ندوی) و اختر صاحب کا مقدمہ۔

کتابت طباعت کاغذ بہترین سائز ۲۶ × ۲۰/۱۶ — صفحہ ۱۴۴ قیمت ۸؍ علاوہ محصول